آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

MEMBER OF APNS & CPNE

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز بدھ 17 نومبر 2021ء بمطابق 11 ربیع الثانی 1443ھ | شمارہ نمبر 287

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00
اہل تشیع فجر صبح	05:45
ظہرین	12:30
مغربین	6:15

اسلامی فلاحی ریاست کا قیام ہمارے منشور کا حصہ ہے، صدر

غریب اور پسماندہ طبقے کیلئے شروع کیا گیا احساس پروگرام کے ذریعے غریب خاندانوں کو فی گھرانہ 12 ہزار روپے تقسیم کیے جا چکے ہیں

اسمیں بلوچستان سے تعلق رکھنے والے 3 لاکھ 38 ہزار غریب خاندان بھی شامل ہیں، پاکستان کی ترقی کا دارومدار آئی ٹی کے شعبہ کے فروغ پر ہے

عالمی وبا کورونا کے دوران وزیراعظم نے معاشرے کے کمزور طبقات کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے مکمل لاک ڈاؤن کی مخالفت کی، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ ایک اسلامی فلاحی ریاست کا قیام روز اول سے ہی پی ٹی آئی کے منشور کا حصہ ہے، غریب اور پسماندہ طبقے کیلئے شروع کیا گیا احساس پروگرام کے ذریعے غریب خاندانوں کو فی گھرانہ 12 ہزار روپے تقسیم کیے جا چکے ہیں اسمیں بلوچستان سے تعلق رکھنے والے 3 لاکھ 38 ہزار غریب خاندان بھی شامل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کوئٹہ میں احساس کفالت کیش اور احساس انڈر گریجویٹ سکالرشپ سرٹیفکیٹس کی تقسیم کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ صدر مملکت ڈاکٹر

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی بی ایم یونیورسٹی میں احساس کفالت کیش اور احساس انڈر گریجویٹ سکالرشپ سرٹیفکیٹس کی تقسیم کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ہم نے ملک کی ترقی میں الیکشن کا نہیں آنے والی نسلوں کا سوچا، وزیراعظم

آنے والی نسلوں کا سوچا، ساری دنیا کے اندر ٹیکنالوجی کا استعمال ہو رہا ہے، کئی ممالک اپنے انتخابات الیکٹرانک ووٹنگ مشین سے کرا رہے ہیں، حیرت ہے ہماری اپوزیشن کو مشین سے کیوں ڈر لگ رہا ہے

ورلڈ بینک کے مطابق پاکستان میں غربت کم ہوئی ہے، لوگوں کو مشکلات کا سامنا ہے، آئندہ دنوں میں ایک بڑا ریلیف پیکیج لانے والے ہیں، عوام کو مکمل اعتماد ہونا چاہیے، ہم مہنگائی سے بھی نکل جائینگے

وہ ملک ترقی نہیں کرسکتا جہاں حکمران اور اس کے وزرا کرپشن کرتے ہوں، مسلم لیگ (ن) نے ایک ہزار ارب روپے سڑکوں کی مرمت میں لگائے، اس رقم سے کئی بڑے کام ہوسکتے تھے عمران خان کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ مجھے فخر ہے کہ ہم نے ملکی ترقی میں الیکشن کا نہیں، آنے والی نسلوں کا سوچا، ساری دنیا کے اندر ٹیکنالوجی کا استعمال ہو رہا ہے، کئی ممالک اپنے انتخابات الیکٹرانک ووٹنگ مشین سے کرا رہے ہیں، حیرت ہے ہماری اپوزیشن کو مشین سے کیوں ڈر لگ رہا ہے، ورلڈ بینک کے مطابق پاکستان میں غربت کم ہوئی ہے، لوگوں کو مشکلات کا سامنا ہے، آئندہ دنوں میں ایک بڑا ریلیف پیکیج لانے والے ہیں، عوام کو مکمل اعتماد ہونا چاہیے، ہم مہنگائی سے بھی نکل جائینگے، مسلم لیگ (ن) کے دور میں 645 کلومیٹر اور تحریک انصاف کے تین برس میں 1750 کلومیٹر سڑکیں بنائی گئی، وہ ملک ترقی نہیں کرسکتا جہاں حکمران اور اس کے وزرا کرپشن کرتے ہوں، مسلم لیگ (ن) نے ایک ہزار ارب روپے سڑکوں

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت چل نہیں رہی حکومت چلائی جا رہی ہے، مولانا فضل الرحمن

پی ڈی ایم حکومت کی قانون سازی کو عدالت میں چیلنج کریگی، صدر پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے صدر و جمعیت علماء اسلام کے مرکزی امیر مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ حکومت چل نہیں رہی حکومت چلائی جا رہی ہے ہم چلانے اور چلنے والوں کو جانتے ہیں سہارے سے چلنے والی حکومت کو حکومت نہیں

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

رانا شمیم لندن میں نواز شریف کے خرچے پر رہ رہے ہیں، فواد چوہدری

اداروں کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی جا رہی ہے، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات چوہدری فواد حسین نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کے سابق چیف جج رانا شمیم لندن میں نواز شریف کے خرچے پر رہ رہے ہیں، جو حلف نامہ دیا اس کی فیس نواز شریف نے دی، (ن) لیگ نے عدلیہ کے خلاف مہم

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان نے سول اسپتال کوئٹہ میں ایم آر آئی مشین کی تنصیب کیلئے 25 کروڑ روپے کے اجرا کی منظوری دے دی

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے سول اسپتال کوئٹہ میں ایم آر آئی مشین کی تنصیب کے لیئے 25 کروڑ روپے کے اجرا کی منظوری دے دی وزیراعلیٰ نے یہ منظوری محکمہ صحت کی جانب سے بھجوائی گئی سمری پر دی وزیراعلیٰ نے ایم آر آئی مشین رواں مالی سال کے دوران خرید کر نصب کرنے کی

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

شیخوپورہ، سکول وین ٹرین کی زد میں آ گئی، 3 طالبات جاں بحق

ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں، اہل علاقہ کا ریلوے حکام کیخلاف احتجاج

کچھ دیر تک ٹرین کو روکے رکھا، مذاکرات کے بعد روانہ کر دیا گیا

شیخوپورہ / لاہور (این این آئی) شیخوپورہ میں سریانوالا کے قریب ریلوے پھاٹک نہ ہونے کی وجہ سے سکول وین ٹرین کی زد میں آ گئی جس کے نتیجے میں 3 طالبات جاں بحق جبکہ 8 زخمی ہوگئیں، حادثے کی اطلاع ملتے ہی اہل علاقہ اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا گیا، حادثے کے بعد بڑی تعداد میں اہل علاقہ نے پھاٹک نہ ہونے پر ریلوے حکام کے خلاف احتجاج کیا اور کچھ دیر تک ٹرین کو روکے رکھا تاہم پولیس سے مذاکرات کے بعد ٹرین کو

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ہمیں یہاں لیکچر نہ سنائیں، ہم سے پہلے کیا ہوا، کہاں کھڑے تھے؟، علی نواز اعوان

کیا ہمارے آنے سے پہلے کوئی میرٹ تھا، یا کوئی احتساب کا نظام بنا کر گئے تھے، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی علی نواز اعوان نے ایک بار پھر اپوزیشن کو بھرپور جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں یہاں لیکچر نہ سنائیں، ہم سے پہلے کیا ہوا، کہاں کھڑے تھے؟ کیا ہمارے آنے سے پہلے کوئی میرٹ تھا، یا کوئی احتساب کا نظام

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

پنجگور میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

پنجگور (این این آئی) پنجگور میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 19 نومبر کو سہ پہر تین بجے طلب

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 19 نومبر کو سہ پہر تین بجے طلب کرلیا گیا۔ گورنر بلوچستان

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

اے این ایف بلوچستان کی مختلف کارروائیوں میں 180.246 کلوگرام منشیات برآمد

کوئٹہ (این این آئی) اے این ایف بلوچستان نے 4 کارروائیوں کے دوران 180,246 کلو گرام

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

غریب مستری کے خیمہ میں آگ لگنے سے خیمہ سمیت تمام سامان جل کر خاکستر ہوگیا

قلات (این این آئی) غریب مستری کے خیمہ میں آگ لگنے سے خیمہ سمیت تمام سامان جل کر خاکستر ہوگیا

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

الیکشن کمیشن میں وفاقی وزیراعظم سوالی نوٹس کیس کی سماعت تین دسمبر تک ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن میں وفاقی وزیراعظم سوالی نوٹس کیس کی سماعت تین دسمبر تک ملتوی

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

ینگ ڈاکٹر ایسوسی ایشن کا ہسپتالوں میں حکومتی نئے اوقات کار ماننے سے انکار

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب حکومت کا سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کیلئے او پی ڈی شام 4

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

اتنا وقت گزرنے کے بعد آج بھی پی ڈی ایم وہیں کھڑی ہے، فرخ حبیب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت فرخ حبیب نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم وجود میں آئی تو احتجاجی

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

عوام متحد ہو کر سٹیٹس کو کو چیلنج کریں، ظالم اشرافیہ سے نجات کے لیے پُرامن جمہوری جدوجہد کا آغاز کرنا ہے، سراج الحق

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ عوام متحد ہو کر سٹیٹس کو کو چیلنج کریں، ظالم

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

ٹیکس اشتہار کا خاتمہ اور اسٹیٹ بینک کی خودمختاری کے بل تیار کرلیے، آئی ایم ایف کے ساتھ ڈیل جلد ہو جائیگی، شوکت ترین

کامیاب جوان پروگرام کیلئے آئندہ چار سالوں میں ایک سو 40 ارب روپے کے قرض دیں گے، مشیر خزانہ کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) مشیر خزانہ شوکت ترین نے کہا ہے کہ ٹیکس اشتہار کا خاتمہ اور اسٹیٹ بینک کی خود مختاری کے بل تیار کرلیے، آئی ایم ایف کے ساتھ ڈیل جلد ہو جائے گی، کامیاب جوان پروگرام کیلئے آئندہ چار سالوں میں ایک سو 40 ارب روپے کے قرض دیں گے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

محکمہ کے بہتری کے لیے ہر ممکن اقدامات کئے جائینگے، مشیر پی ایچ ای وواسا

کوئٹہ (خ ن) محکمہ کے بہتری کے لیے ہر ممکن اقدامات کئے جائینگے ان خیالات کا اظہار مشیر پی ایچ ای وواسا لالا رشید نے سیکرٹری پی ایچ ای و ایم ڈی واسا صالح محمد ناصر کیانی سے محکمہ پی ایچ ای کے بارے میں منعقدہ بریفنگ کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہی بریفنگ میں ایکسین شکیل بلوچ، ایڈیشنل

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور آغا بی یو یونیورسٹی میں احساس کفالت کیش اور احساس انڈر گریجویٹ سکالرشپ سرٹیفکیٹس کی تقسیم کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پرامن اور خوشحال افغانستان پاکستان کے مفاد میں ہے، شاہ محمود قریشی

اس وقت سب سے بڑا موقع افغانستان میں پائیدار امن اور استحکام کیلئے عالمی برادری کا اتحاد ہے، ہمارے خطے اور عالمی سلامتی کے لیے سب سے بڑا خطرہ ہندوتوا کے نظریے کی پیداوار ہے

پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا، پاکستان اسلاموفوبیا کی بڑھتی ہوئی لہر کا مقابلہ کرنے اور اس کے خلاف سب سے زیادہ آواز اٹھانے والا ملک ہے، شاہ محمود قریشی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ ہمیشہ کہا افغانستان کی جنگ کا کوئی فوجی حل نہیں، ایک پرامن اور خوشحال افغانستان پاکستان کے اپنے مفاد میں ہے، اس وقت سب سے بڑا موقع افغانستان میں پائیدار امن اور استحکام کیلئے عالمی برادری کا اتحاد ہے، ہمارے خطے اور عالمی سلامتی کے لیے سب سے بڑا خطرہ ہندوتوا کے نظریے کی پیداوار ہے، پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا، پاکستان اسلاموفوبیا کی بڑھتی ہوئی لہر کا مقابلہ کرنے اور اس کے خلاف سب سے زیادہ آواز اٹھانے والا ملک ہے۔ وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے میڈیا

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

نواز شریف لندن میں بیٹھ کر پاکستان کے اداروں کو بدنام کرتے ہیں، مراد سعید

جرنیلوں کے سہارے آتے ہیں، پورا ٹبر لندن میں اشتہاری بنا بیٹھا ہے، وفاقی وزیر مواصلات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات مراد سعید نے ایک بار پھر اپوزیشن پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ منی لانڈرنگ اور چوری کا معاملہ ہو نواز شریف کا نام نہ آئے کیسے ہوسکتا ہے؟ سپریم کورٹ میں ذرائع کی بجائے قطری خط آ گیا، اسی طرح شہباز شریف کا نام سامنے آیا تو کہا میرا بیٹے جواب دیں گے، رانا شمیم کو نواز شریف نے گلگت بلتستان کا چیف جج لگایا، ان کو وہ جج اور جرنیل پسند ہیں جو ان کی سیاست کو مضبوط کرے، پیپلز پارٹی کا آغاز بھی ایک جنرل سے ہوا، ڈیڈی ڈیڈی کہتا تھا۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پانامہ لیکس عمران خان نہیں لے کر آیا

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

کوئٹہ خاتون اول ثمینہ عارف علوی میٹرنٹی ہسپتال کے دورے کے موقع پر مختلف شعبوں کا معائنہ کر رہی ہیں

آصف علی زرداری سے پی پی بلوچستان کے سابق صوبائی صدر میر محمد صادق عمرانی کی ملاقات

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) سابق صدر کوچیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی آصف علی زرداری سے پی پی بلوچستان کے سابق صوبائی صدر و سابق صوبائی وزیر سینئر سیاستدان الحاج میر محمد صادق عمرانی نے اسلام آباد میں اہم ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پارٹی امور سمیت بلوچستان کی سیاست اور

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

امریکی اور چینی صدور کی پہلی ورچوئل ملاقات، تعاون بڑھانے پر اتفاق

بطور قائدین ذمہ داری ہے کہ دونوں ممالک تنازعات کی طرف نہ جائیں، امریکی صدر

تعلقات کو مثبت سمت میں آگے بڑھانے کے لیے میں آپ کے ساتھ کام کرنے کے لیے تیار ہوں، چینی صدر

بیجنگ / واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر جو بائیڈن اور چینی ہم منصب شی جن پنگ کے درمیان پہلی ورچوئل ملاقات ہوئی ہے۔ دونوں رہنماؤں نے تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق چین اور امریکی صدور کے درمیان انتہائی اہم ملاقات ایسے وقت پر ہوئی جب دنیا کی دو بڑی معیشتوں کے درمیان تائیوان، تجارت اور انسانی حقوق جیسے مسائل پر تناؤ بڑھ رہا ہے۔ امریکی صدر جو بائیڈن کا کہنا تھا کہ بطور قائدین ذمہ داری ہے کہ دونوں ممالک تنازعات کی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

کرونا سے مزید 6 افراد چل بسے، 216 کیسز سامنے آ گئے

گزشتہ 24 گھنٹوں میں مزید 216 افراد میں کورونا کی تصدیق ہوئی، کورونا کیسز کی مثبت شرح زیرو اعشاریہ 64 فیصد رہی

بلوچستان میں ابتک 33 ہزار 408، اسلام آباد میں 1 لاکھ 7 ہزار 364 کیسز ریکارڈ ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن نے کورونا وائرس کے تازہ ترین اعداد و شمار جاری کر دیئے جس کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں مزید چھ افراد چل بسے۔ این سی او سی کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں مزید 216 افراد میں کورونا کی تصدیق ہوئی، کورونا کیسز کی مثبت شرح زیرو اعشاریہ 64 فیصد رہی۔ این سی او سی کے مطابق ملک بھر میں کورونا کیسز کی مجموعی تعداد 12 لاکھ 80 ہزار 92 ہوگئی، این سی او سی کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا سے مزید 6 افراد جاں بحق ہوئے۔ این سی او سی کے مطابق کورونا سے مجموعی اموات 28 ہزار 618 ہوگئیں، ملک بھر میں کورونا کے 12 لاکھ 28 ہزار 848 مریض صحتیاب ہو چکے ہیں، ملک میں کورونا کیسز کی تعداد 4 لاکھ 41 ہزار 965 ہوگئی۔ این سی او سی کے مطابق سندھ میں ابتک 4 لاکھ 73 ہزار 250، کے پی میں 1 لاکھ 79 ہزار کورونا کیسز ریکارڈ ہوئے، بلوچستان میں ابتک 33 ہزار 408، اسلام آباد میں 1 لاکھ 7 ہزار 364 کیسز ریکارڈ ہوئے، گلگت

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

عوام کو باعزت روزگار کی فراہمی اولین ترجیح ہے، سردار صالح بھوتانی

حکومت کے ہمارے دروازے عوام کے لئے کھلے ہیں بلوچستان کے عوام کے مسائل کو دستیاب وسائل میں حل کرنے کی پوری کوشش کریں گے

عوام کی حمایت ہم پر قرض ہے جسے انکے مسائل، بنیادی سہولیات فراہم کرکے اتاریں گے، سینئر صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر سردار محمد صالح بھوتانی نے کہا ہے کہ عوام کی حمایت ہم پر قرض ہے جسے انکے مسائل، بنیادی سہولیات فراہم کرکے اتاریں گے، عوام کی تکلیف ہماری تکلیف ہے عوام کے حل طلب مسائل اور باعزت روزگار کی فراہمی ترجیح ہے صوبے میں بہتری کے مواقع موجود ہیں جن سے استفادہ حاصل کرکے عوام کو مثبت تبدیلی کے ثمرات پہنچائیں گے یہ بات انہوں نے منگل کو ملاقات کرنے والے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں جس مثبت تبدیلی کی بنیاد رکھی گئی اسکے ثمرات سے عوام جلد مستفید ہونگے عوامی حمایت کا قرض انکے مسائل حل کرکے ادا کریں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کا حق ہے کہ انہیں بنیادی سہولیات اور روزگار کے مواقع میسر ہوں اور عوام کے مسائل کے حل میں کوئی بھی

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

ہم نے کبھی یہ نہیں کہا بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کا سابقہ ڈیٹا سو فیصد غلط تھا، علی محمد خان

حکومت نے غریبوں کیلئے راشن پروگرام کا اجراء کیا ہے، وزیر مملکت کا سینٹ میں اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت علی محمد خان نے کہا ہے کہ ہم نے کبھی یہ نہیں کہا بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کا سابقہ ڈیٹا سو فیصد غلط تھا، نئے سروے کا مقصد تازہ صورتحال کے مطابق مستحقین کا اندراج کرنا تھا۔ منگل کو وزیر مملکت علی محمد خان نے احساس سروے کے بارے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے بھی یہ نہیں کہا بی آئی ایس پی کا سابقہ ڈیٹا سو فیصد غلط تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہر سیاسی دور میں تھوڑی بہت مداخلت ہوتی ہے، پیپلز پارٹی کے دور میں جو سروے ہوا

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود سے آذربائیجان کے سفیر علی علیزادہ ملاقات کر رہے ہیں

امریکا سمیت تمام ممالک کیساتھ مثبت تعلقات چاہتے ہیں، سہیل شاہین

دوحہ (این این آئی) ترجمان طالبان سہیل شاہین نے کہا ہے کہ افغانستان میں مشترکہ مفادات، سرمایہ کاری اور تعمیر نو کے لیے امریکا سمیت تمام ممالک کے ساتھ مثبت تعلقات کے خواہش مند ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دوحہ میں طالبان کے ترجمان اور اقوام متحدہ

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

غیر منصفانہ فیصلے عدم برداشت کا سبب ہیں، بلاول بھٹو زرداری

پاکستان کی سرزمین تاریخی طور پر انسانیت دوست رہی ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ معاشرے میں عدم برداشت کا رجحان پھیل رہا ہے۔ برداشت اور رواداری کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ معاشرے میں عدم رواداری اور عدم برداشت کا رجحان پھیل رہا ہے جو جمہوری شعور کے لئے باعث تشویش ہے۔ رواداری کو فروغ دینے کا واحد راستہ جمہوریت کی مضبوطی میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی دھاندلیاں، غیر منصفانہ

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

جسٹس (ر) رانا شمیم کی لندن میں نواز شریف سے ملاقات ہوئی، شہزاد اکبر

لندن میں بیٹھ کر عدلیہ پر حملہ آور ہونے کی منصوبہ سازی کی گئی، وزیراعظم کے مشیر برائے احتساب

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے احتساب و داخلہ شہزاد اکبر نے کہا ہے کہ جسٹس (ر) رانا شمیم کی لندن میں نواز شریف سے ملاقات ہوئی اور عدلیہ پر حملہ آور ہونے کیلئے لندن میں بیٹھ کر منصوبہ سازی کی گئی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بیان حلفی میں جس فیملی کا ذکر کیا گیا ان کے دو لوگ بھی لندن گئے، عدلیہ پر حملہ آور ہونے کیلئے لندن میں بیٹھ کر منصوبہ سازی کی گئی، مریم نواز کا کیس جب بھی لگتا ہے عدلیہ کو براہ راست ٹارگٹ کیا جاتا ہے،

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

حکمران عالمی سطح پر رسوائی کے باعث بن چکے ہیں، زرداری

آصف علی زرداری سے میر محمد صادق عمرانی کی ملاقات، آنے والے عام انتخابات کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا

پاکستان کو عالمی برادری سے تنہا کر دیا گیا ہے حکمران نیازی مہنگائی بیروزگاری کے فروغ کا باعث بن رہے ہیں، زرداری

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) سابق صدر مملکت پاکستان و کو چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی آصف علی زرداری سے پی پی بلوچستان کے سابق صوبائی صدر و سابق صوبائی وزیر سینئر سیاستدان الحاج میر محمد صادق عمرانی نے اسلام آباد میں اہم ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پارٹی امور سمیت بلوچستان کی سیاست اور آنے والے عام انتخابات کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا سابق صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ موجودہ حکمران عالمی سطح پر رسوائی کے باعث بن چکے ہیں ملک کو آئی ایم ایف کے ہاتھوں گروی رکھ دیا گیا ہے مہنگائی نے 22 کروڑ عوام کی کمر

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

عوام کے بنیادی مسائل حل کرنا اولین ترجیح ہے، صوبائی وزیر خزانہ

ہرنائی میں زلزلہ سے ہونے والے نقصانات کا ازالہ کریںگے متاثرین کی بحالی تک چین نہیں بیٹھونگا

حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع ہرنائی وزیارت کے دونوں اضلاع کے ترقی و خوشحالی کیلئے کوشاں ہے، صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر خزانہ حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ حلقہ پی بی 16 زیارت کم ہرنائی میرا انتخابی حلقہ ہے حلقے دونوں اضلاع کے عوام کے بنیادی مسائل حل کرنا اولین ترجیح ہے ہرنائی میں زلزلہ سے ہونے والے نقصانات کا ازالہ کریںگے متاثرین کی بحالی تک چین نہیں بیٹھونگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع زکوات چیئرمین ہرنائی سید شادی گل بخاری سے ایم پی اے ہاسٹل کوئٹہ میں ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا ضلع زکوات چیئرمین ہرنائی سید شادی گل بخاری نے حاجی نور محمد خان دمڑ کو وزارت خزانہ کا قلمدان سونپنے پر مبارکباد پیش کی اور صوبائی وزیر خزانہ حاجی نور محمد خان دمڑ سے ضلع ہرنائی زلزلہ متاثرین کی بحالی اور انہیں کے گھروں کی دوبارہ تعمیر اور دیگر ضلع ہرنائی کے عوامی مسائل کے حوالے سے تفصیلی ملاقات کی صوبائی وزیر خزانہ حاجی نور محمد خان دمڑ نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہرنائی زلزلہ متاثرین سمیت ضلع ہرنائی کے بنیادی مسائل حل

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام بلوچستان کی ناقص کارکردگی امدادی رقم کی ادائیگی میں تاخیری حربے

وفاقی محتسب کے نوٹس لینے پر درخواست گزار کو امدادی رقم مل گئی

محتسب کو درخواست دی ہے کہ اسے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت امدادی رقم دی جاتی تھی

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے اعلامیے کے مطابق خضدار کی رہائشی مسماۃ گنج بی بی نے وفاقی محتسب کو درخواست دی ہے کہ اسے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت امدادی رقم دی جاتی تھی جس سے وہ اپنا اور اپنے کنبے کا گزر بسر کرتی تھی مگر کچھ عرصے سے یہ امدادی رقم کی ادائیگی نامعلوم وجوہ کی بنا پر بند کر دیا گیا اس سلسلے میں درخواست گزار شکایت کنندہ نے کئی مرتبہ محکمہ کے مجاز حکام سے رابطہ بھی کیا مگر تمام رابطے بے سود رہے ہر طرف سے مایوسی کے بعد درخواست گزار

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

چینی صدر کا چین امریکہ تعلقات کو مشترکہ طور پر فروغ دینے کی خواہش کا اظہار

بیجنگ (این این آئی) چینی صدر شی جن پنگ نے نشاندہی کی ہے کہ چین اور امریکہ کو دنیا کی دو سب سے بڑی معیشتوں اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے مستقل رکن ممالک کی حیثیت سے روابط اور تعاون کو مضبوط بنانا چاہیے، اپنے اپنے اندرونی معاملات سے احسن انداز میں نپٹنے کے ساتھ ساتھ اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کو

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کے جلسے میں شرکت کے لئے ایک قافلہ قلات سے کوئٹہ آج روانہ ہوگا

قلات (این این آئی) پی ڈی ایم کے جلسے میں شرکت کے لئے ایک قافلہ قلات سے کوئٹہ آج روانہ ہوگا قافلے میں جمعیت علماء اسلام بلوچستان نیشنل پارٹی نیشنل پارٹی بے یو پی اور دیگر بھی شامل ہونگے قافلہ کوئٹہ میں پی ڈی ایم کے زیر اہتمام کوئٹہ میں منعقدہ حکومت مخالف

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

آصف علی زرداری، مریم نواز کا سالک حسین سے ٹیلی فون پر رابطہ، چوہدری شجاعت حسین کی خیریت دریافت کی

لاہور (این این آئی) سابق صدر آصف علی زرداری اور مسلم لیگ (ن) کی مرکزی نائب صدر مریم نواز نے چوہدری سالک حسین سے ٹیلی فون پر رابطہ کر کے دونوں رہنماؤں نے چوہدری شجاعت حسین کی خیریت دریافت کی۔ سابق صدر آصف علی زرداری نے چوہدری شجاعت حسین کی جلد صحت یابی کی دعا۔ آصف

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

بروقت تشخیص سے ہی بریسٹ کینسر کا علاج ممکن ہے، خاتون اول

بریسٹ کینسر ایک خطرناک مرض ہے اور اس سے متعلق معاشرے میں خواتین کے لئے آگاہی بہت ضروری ہے

ہماری خواتین کو چاہئے کہ وہ پانچ منٹ خود اپنی صحت کو ضرور دیں، خاتون اول ثمینہ عارف علوی

کوئٹہ (این این آئی) خاتون اول ثمینہ عارف علوی نے کہا ہے کہ بریسٹ کینسر ایک خطرناک مرض ہے اور اس سے متعلق معاشرے میں خواتین کے لئے آگاہی بہت ضروری ہے بروقت تشخیص سے ہی بریسٹ کینسر کا علاج ممکن ہے اور ہماری خواتین کو چاہئے کہ وہ پانچ منٹ خود اپنی صحت کو ضرور دیں اور اپنی صحت سے متعلق کسی بھی غیر معمولی تبدیلی کی صورت میں لازمی اپنی فیملی کو آگاہ کریں۔ یہ بات انہوں نے منگل کو سردار

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

17 نومبر 2021ء

بلوچستان سے تعلق رکھنے والے 3 لاکھ 38 ہزار غریب خاندان بھی شامل ہیں

ایک اسلامی فلاحی ریاست کا قیام روز اول سے ہی پی ٹی آئی کے منشور کا حصہ ہے، غریب اور پسماندہ طبقے کیلئے شروع کیا گیا احساس پروگرام کے ذریعے غریب خاندانوں کو فی گھرانہ 12 ہزار روپے تقسیم کیے جا چکے ہیں اسمیں بلوچستان سے تعلق رکھنے والے 3 لاکھ 38 ہزار غریب خاندان بھی شامل ہیں۔ عالمی وبا کورونا کے دوران وزیراعظم عمران خان نے معاشرے کے کمزور طبقات کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے مکمل لاک ڈاؤن کی مخالفت کی اور اس فیصلے سے غرباء اور مزدور طبقے کو مالی طور پر مشکلات سے بچایا۔ لاک ڈاؤن کے دوران احساس پروگرام کے تحت 12 کروڑ خاندانوں میں 200 ارب روپے تقسیم کیے گئے۔ حکومت کے مثبت اقدامات کی بدولت ملکی معیشت میں بہتری آرہی ہے اور ضرورت اس امر کی ہے کہ پسے ہوئے طبقات کو اوپر لانے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ خواتین کو احساس کیش پروگرام کے تحت رقوم کی ادائیگی بنک اکاؤنٹ کے ذریعے کرنے کے لیے کاوشیں کی جارہی ہیں۔ خواتین کو معاشی اعتبار سے مستحکم بنانا ہوگا تاکہ وہ ملکی ترقی کی عمل میں براہ راست اپنا کردار ادا کرسکیں۔ پاکستان کی ترقی کا دارومدار آئی ٹی کے شعبہ کے فروغ پر ہے طلباء کو سکالرشپ دینے کا مقصد تعلیم میں برابری لانا ہے دنیا نے آئی ٹی میں بہت کام کیا ہم نے موجودہ حالات کو مدنظر رکھ کر آئی ٹی کے شعبوں پر توجہ مرکوز کرانا ہوگی۔ یونیورسٹیز کے وائس چانسلرز پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ انفارمیشن ٹیکنالوجی سے متعلق سلیبس کو جدید دور کے تقاضوں اور مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق بنائیں۔ تاکہ ہمارے گریجویٹس بھی آگے بڑھ کر آئی ٹی کے شعبے میں اپنا کردار ادا کریں، خصوصی افراد معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور انہیں ہنرمند بنانے کے لیے اقدامات کی ضرورت ہے۔ جس سے خصوصی افراد اپنی آمدن کا بندوبست کرسکیں گے۔ کامیاب جوان پروگرام کے حوالے سے اس پروگرام کے ذریعے خواتین بھی قرضوں کی سہولت سے مستفید ہوسکتی ہیں۔ طلباء وطالبات میں احساس انڈر گریجویٹ سکالرشپ سرٹیفکیٹس اور مستحق خواتین میں احساس کفالت پروگرام کے تحت نقد رقوم تقسیم کیں۔

ڈینگی اور سموگ کا راج

روحیل اکبر

ڈینگی اس وقت کرونا کو مات دیکر پہلے نمبر پر آچکا ہے خاص کر لاہور میں تو اس نے اپنے پنجے بہت مضبوطی سے گاڑ رکھے ہیں ڈینگی کے ساتھ ساتھ سموگ کا بھی لاہور میں راج ہے سب سے پہلے تو ہمیں ڈینگی کے متعلق معلوم ہونا چاہیے کہ یہ ہے کیا چیز اسکے بعد ہم سموگ پر بات کرینگے ڈینگی ہے کیا؟ ڈینگی ایک متعدی مرض ہے جو مادہ مچھر کے کاٹنے سے ہوتا ہے۔ طبی زبان میں اسے ریکٹر کہتے ہیں۔ ڈینگی ایک مچھر سے پھیلنے والی بیماری ہے جو کہ ہر سال تقریباً 100 سے 400 ملین افراد کو متاثر کرتی ہے۔ یہ بخار مچھروں کی ایک قسم Aedes کے کاٹنے سے ہوتا ہے جو خود ڈینگی وائرس سے متقر ہوتا ہے اور کاٹنے کے بعد خون میں وائرس کو منتقل کردیتا ہے۔ ڈینگی مچھر کا لاروا صاف پانی میں پیدا ہوتا ہے جبکہ پانی کی ایک چمچ ہی لاروا کی نشوونما کا سبب بن سکتی ہے۔ ڈینگی وائرس ہمارے بلڈ سسٹم پر اثر انداز ہوتا ہے جس کی وجہ سے پلیٹ لیٹس انتہائی کم ہو جاتے ہیں جو کہ ایک خطرناک عمل ہے۔

اگر ایسا ہو تو شدید بخار کے ساتھ ناک، منہ اور یورین میں خون آنا شروع ہو جاتا ہے جس سے ہم ہیمرجک فیور کہتے ہیں۔ اس صورتحال میں مریض کو کسی اچھے اسپتال میں داخل نہ کرایا جائے تو اس کی موت واقع ہوسکتی ہے۔ ایسے مریضوں کو کسی قابل ڈاکٹر کی نگرانی میں پلیٹ لیٹس انفیوژن لگایا جاتا ہے اور بخار کے لئے صرف پیراسیٹامول دیا جاتا ہے۔ ایسے مریضوں کو ڈسپرین دینا انتہائی خطرناک ہے جس کی وجہ سے مریض کا خون جاری ہوسکتا ہے۔ ڈینگی سے بچاؤ صرف احتیاطی تدابیر پر عمل کرنے سے ہی ممکن ہے ڈینگی سے بچاؤ کے لیے ابھی تک کوئی ویکسین دستیاب نہیں ہے اس موذی مرض سے اپنے آپ کو محفوظ رکھنے کے لیے مچھر مار سپرے اور لوشن کا استعمال کرتے رہنا چاہیے گھر سے باہر اور اندر ہاف بازو شرٹ نہیں پہننی چاہیے بلکہ پاؤں میں بھی جرابیں پہن کر رکھنی چاہیے اس مرض سے ہم تب ہی بچ سکیں گے جب تمام احتیاطی تدابیر پر عمل کریں گے۔

اس سلسلہ میں حکومتی اقدامات بھی قابل تعریف ہیں حکومت نے ڈینگی کی صورتحال پر قابو پانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے ہیں صوبہ بھر میں سپرے اور فوگنگ کروائی جارہی ہے انسداد ڈینگی مہم کے لیے فیلڈ ٹیمیں بھی متحرک ہیں حکومت کے ساتھ ساتھ ہماری بھی ذمہ داری ہے کہ اپنے شہر کو صاف ستھرا رکھیں پانی کو کہیں اکٹھا نہ ہونے دیں اور ماحول کو خشک رکھیں کاٹھ کباڑ مچھروں کی Hiding place ہے ان کو اکٹھا کر ان کے نیچے مچھر مار سپرے کریں۔

جبکہ حکومت کی طرف سے الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا میں انسداد ڈینگی کے حوالہ سے اشتہارات کے ذریعے عوام کی آگاہی مہم بھی چلائی جارہے ہے میں سمجھتا ہوں معاشرے میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے الیکٹرانک، سوشل، اور پرنٹ میڈیا کا کردار بھی بہت اہم ہے وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے اس سلسلہ میں تمام محکموں کو ہدایات جاری کررکھی ہیں کہ وہ اس وبا سے چھٹکارے کے لیے دن رات ایک کردیں اور اسی مقصد کے لیے ہر سرکاری ہسپتال میں حکومت پنجاب نے ڈینگی وائرس سے متاثرہ مریضوں کے لئے جدید انتظامات کیے گئے ہیں متاثرہ شخص کسی بھی سرکاری ہسپتال میں جا کر اپنا ڈینگی ٹیسٹ اور سی بی سی کروایا سکتا ہے جو کہ بالکل مفت ہے جس کے تمام اخراجات حکومت پنجاب برداشت کرتی ہے حکومت نے عوام کی سہولت کے لیے پرائیویٹ لیبارٹریز میں سی بی سی ڈینگی ٹیسٹ کی رعایتی قیمت 90 روپے رکھی گئی ہے سرکاری اور پرائیویٹ ہسپتالوں میں ڈینگی سے متاثرہ مریضوں کے لیے بستروں کا بھی انتظام کیا ہے تاکہ ایمرجنسی میں کسی بھی مریض کو تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

اس وقت تقریباً چالیس کروڑ پیراسیٹامول گولیاں سرکاری ہسپتالوں میں دستیاب کی گئی ہیں۔ اب ہم بات کرلیتے ہیں سموگ کی جس نے ڈینگی کے بعد ہمیں گھیرا ہوا ہے آج کل سموگ بہت پھیلا ہوا ہے پچھلے چند سالوں سے یہ دیکھا جارہا ہے کہ جیسے ہی اکتوبر نومبر دسمبر کے مہینے آتے ہیں لاہور میں سموگ اہم مسئلہ بن جاتا ہے نہ صرف لاہور بلکہ پاکستان کے اور بھی بڑے شہر اس سے متاثر ہوتے ہیں اس وقت لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں شامل ہے لاہور کی صحت افزا ہوا میں آج کل سانس لینا بھی دشوار ہوگیا ہے سموگ کے زہر نے فضا آلودہ اور مطلع دھندلا کردیا ہے۔

لاہور میں ایئر کوالٹی انڈیکس تشویشناک حد تک بڑھ گیا گرد آلود فضا میں شہریوں کا سانس لینا بھی مشکل ہوگیا ہے اگر یہ انڈیکس 275 بھی عبور کر جائے تو یہ انسانی صحت کے لئے خطرناک ہوتا ہے ہمیں صرف اور صرف ضرورت کے وقت گھر سے نکلنا چاہیے تاکہ سموگ سے خود کو محفوظ رکھ سکیں اس سلسلہ میں حکومت نے بھی سموگ سے بچاؤ اور روک تھام کے لئے اقدامات کر رکھے ہیں فصلوں، کچروں کو جلانے اور گاڑیوں کے دھوئیں کے اخراج کے ذریعے فضائی اور ماحولیاتی آلودگی پھیلانے والوں کے خلاف بھرپور کاروائی کی جائیگی صوبہ بھر میں دفعہ 144 نافذ ہے جسکے تحت پورے صوبہ میں فصلوں کی باقیات، میونسپل سالڈ ویسٹ ٹائر، پلاسٹک، ربڑ اور چمڑے کی اشیاء وغیرہ کو جلانے کی پابندی ہے جس سے ماحولیاتی آلودگی میں بہت حد تک اضافہ ہوتا ہے صرف نئی ٹیکنالوجی کے اینٹوں کے بھٹوں کو کام کرنے کی اجازت ہوگی سٹیل طرز کارخانوں میں غیر معیاری ایندھن کے استعمال اور کچرا جلانے کی کسی صورت میں اجازت نہیں ہوگی گاڑیوں کے دھوئیں کے خلاف بھی مکمل کریک ڈاؤن ہونا چاہیے نہ صرف اس سے صحت متاثر ہوتی بلکہ بہت سی بیماریاں جنم لیتی ہیں ہم سب کو سموگ کم کرنے کے لیے احتیاطی تدابیر اپنانے اور آگاہی بڑھانے کی ضرورت ہے۔

حاجی محمد لطیف کھوکھر ایک عہد ساز شخصیت

بشریٰ نسیم

حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید فرمایا کرتے تھے کہ "ختم نبوت" کا کام کرنے والوں کی حیثیت ذاتی باڈی گارڈ کی ہے ممکن ہے دوسرے کام کرنے والے حضرات کا درجہ ومقام بلند ہو لیکن بادشاہ کے سب سے زیادہ قریب اس کے ذاتی محافظ ہوتے ہیں۔ تمام فرقوں سے بالاتر ہو کر جو حقیقت ہے جس سے کسی بھی صورت کسی بھی فرقے سے تعلق رکھنے والا مسلمان انکار نہیں کرسکتا وہ حقیقت یہ ہے کہ نبی سارے جہانوں، سارے انسانوں اور سارے زمانوں کے لیے رحمت ہی رحمت بنا کر بھیجے گئے ہیں۔ جو نبی کی محبت میں ڈوب جاتا ہے خدا کی قسم زمانہ پھر اس کا غلام بن جاتا ہے۔ سوچیے جس ہستی پر ہمہ وقت اللہ اور اس کے فرشتے درود وسلام بھیجتے ہوں انکا مقام کیا ہوگا؟؟؟؟ آپ سے محبت کرنا اور ایسی محبت مطلوب ہے جو مال ودولت سے، آل اولاد سے بلکہ خود اپنی جان سے بڑھ کر ہو۔ یہ کامل ایمان کی لازمی شرط ہے۔ آدمی اس وقت تک کامل مومن نہیں ہوسکتا جب تک کہ اس کے نزدیک رسول کی ذات گرامی ماں وباپ سے، بیوی بچوں سے اور خود اپنی جان سے بڑھ کر محبوب نہ بن جائے۔

یہ نبوی دین کی بنیاد اور اس کے فرائض میں سے ایک اہم فریضہ ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "آپ کہہ دیجئے کہ اگر تمہارے باپ اور تمہارے لڑکے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیویاں اور تمہارے کنبے اور تمہارے کمائے ہوئے مال اور تجارت جس کی کمی سے تم ڈرتے ہو اور وہ حویلیاں جنہے تم پسند کرتے ہو اگر یہ تمہیں اللہ اور اس کے رسول سے اور اس کی راہ کے جہاد سے بھی زیادہ عزیز ہیں تو تم انتظار کرو کہ اللہ تعالیٰ اپنا عذاب لے آئے، اللہ تعالیٰ فاسقوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ (التوبہ) حاجی محمد لطیف کھوکھر سے تعلق سالوں پر محیط ہے 2008 کی بات ہے اس وقت راقم الحروف ماہنامہ "آنکھ مچولی" اور ماہنامہ "تہذیب الاطفال" میں بطور انچارج کام کررہی تھی جس وقت حاجی محمد لطیف کھوکھر اپنے افسانے "دو شہیدوں کی وارث" کے ہمراہ دفتر تشریف لائے اور اپنی کتاب پیش کی تعین کریں حاجی محمد لطیف کھوکھر کے افسانے نہیں بلکہ حقیقت نامہ تھے جن کو ایک بار پڑھا پھر بار بار پڑھا۔

حاجی محمد لطیف کھوکھر ایک سچے عاشق رسول اور پکے پاکستانی ہیں۔ یہ نبی رحمت سے والہانہ محبت کرتے ہیں۔ جس کی زندہ مثال انکی سیرت النبی پر کئی کتب ہیں۔ حال ہی میں انکی ماں بولی زبان پنجابی میں انکی عشق نبی پر شاعری یعنی کہ مجموعہ نعت کتاب (تھاں سرکاردیاں) وزارت مذہبی امور وبین المذاہب ہم آہنگی حکومت پاکستان کی جانب سے 2019، انعام کی مستحق پائی ہے۔ جس پر وہ بجا طور پر خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ حاجی صاحب کی سیرت النبی پر کتاب "وفائے مصطفیٰ تقاضائے ایمان" پڑھ کر ایمان تازہ ہو جاتا ہے یقیناً یہ سیرت کی کتابوں میں منفرد اور آسان فہم الفاظ میں لکھی گئی کتاب ہے۔ 2021ء میں حاجی محمد لطیف کھوکھر سیرت النبی پر پنجابی زبان میں کتاب "محبت مصطفیٰ تقاضائے ایمان" وزارت مذہبی امور کی طرف سے انعام کی حقدار پائی ہے۔ اس کے علاوہ حاجی صاحب تیرہ مختلف موضوعات پر کتب کے مصنف ہیں۔ اور پچاس کے قریب حکومتی وغیر حکومتی ایوارڈز، گولڈ میڈلز اور سرٹیفکیٹس حاصل کرچکے ہیں۔ پنجابی کے باکمال شاعر اور حساس افسانہ نگار ہیں انکے متعلق یہ کہنا ہرگز غلط نہ ہوگا کہ جناب صوفی شاعر ہیں اور انکا شمار حضرت سلطان باہو اور حضرت بلھے شاہ کی صف میں ہوتا ہے۔ ایک درد دل رکھنے والے ایک خوبصورت ہونے کے ساتھ ایک خوب سیرت انسان ہیں۔

انہوں نے "وفائے پاکستان ادبی فورم" کے نام سے ایک ادارہ بھی قائم کیا ہوا ہے جس کا مقصد نوجوان لکھنے والوں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ راقم الحروف کو اس تنظیم کا میڈیا ایڈوائزر ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ حاجی صاحب نے میں بتایا ہے کہ وہ قرآن پاک کی تفسیر لکھ رہے ہیں۔ بے شک قرآن پاک وہ واحد کتاب ہے جو دنیا میں سب سے زیادہ شائع ہوتی ہے اور سب سے زیادہ پڑھی جاتی ہے اور سب سے زیادہ تقسیم ہوتی ہے۔ ہر دور میں ہر اہل علم واہل قلم اور بزرگان دین، علمائے کرام نے اپنی اپنی ہمت اور بساط کے مطابق دین کے اس کام میں اپنا حصہ ڈالا ہے۔ حاجی صاحب نے قرآن کی تفسیر سورۃ العصر سے شروع کی ہے۔ اور کمال کی بات یہ ہے حاجی صاحب ہر ہر سورۃ کی الگ الگ تفسیر کررہے ہیں یعنی کہ ایک سو چودہ سورتیں ایک سو چودہ کتب کی صورت میں ہوں گی انشاء اللہ یہ تفاسیر قرآن کی کتب میں (جاری ہے)

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

تین نامور اسلامی مفکرین

ایم سرور صدیقی

اسلامی مفکرین میں 3 شخصیات ایسی ہیں جنہوں نے لکھا خوب لکھا اتنا لکھا کہ لوگ آج تک حیران ہیں ان میں شیخ اکبر حضرت محی الدین ابن عربی، اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی اور ڈاکٹر طاہر القادری کا نام سرفہرست ہے اتفاق کی بات یہ ہے کہ تینوں مفکرین کا تعلق سنی مکتبہ فکر سے ہے تینوں نے اسلامی تہذیب وتمدن بڑے گہرے نقوش مرتب کئے۔ شیخ اکبر حضرت محی الدین ابن عربی ایک منفرد مصنف، سیاح اور ممتاز روحانی شخصیت تھے انہوں نے 75 برس کی عمر کے دوران 46 برس میں 800 سے زیادہ ضخیم کتابیں تصنیف کیں، آپ کی صرف ایک کتاب فتوحات مکیہ کے صفحات کی تعداد تقریباً 15 ہزار تھی، اس دوران آپ نے اندلس سے شمالی افریقہ، مصر، عرب، شام، عراق، یروشلم، ترکی تک سفر بھی کئے جس سے بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ آپ ایک دن میں سو سے زائد صفحات لکھتے ہوں گے۔ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی نے 1000 سے زائد کتابیں تحریر کیں جس میں فتاویٰ رضویہ (مختلف امور پر اسلامی فیصلے) کتاب ہے یہ 30 جلدوں میں 22000 صفحات پر مشتمل اس میں مذہب سے لے کر کاروبار اور جنگ سے لیکر شادی تک روزانہ کے مسائل شامل ہیں اسے عالم اسلام میں بہت مقبولیت حاصل ہوئی اور آج بھی اس کی اہمیت مسلمہ سمجھی جاتی ہے جبکہ ڈاکٹر طاہر القادری کی تحریر کتابوں کی تعداد بھی کم وبیش 700 کے قریب ہے جس میں کئی ضخیم حصوں پر مشتمل ہزاروں صفحات پر محیط قرآن انسائیکلوپیڈیا اور دہشت گردی کے خلاف اسلام کی امن نصاب شامل ہے۔ شیخ اکبر حضرت محی الدین ابن عربی، اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی اور ڈاکٹر طاہر القادری تینوں نے مختلف علوم اسلامی الٰہیات، حدیث، تفسیر، فقہ، ریاضی، اردو شاعری، تصوف، فلسفہ، علمیاتیات، فلکیات پر ناقابل فراموش کتب تحریر کرکے ایک انقلاب برپا کردیا ابن عربی کسی معمولی شخصیت کا نام نہیں ہے۔ یہ بارہویں صدی کی عبقری شخصیت اور عظیم فلسفی، مفکر اور محقق ہیں۔ عالم اسلام کے چند اہم دانشوران، مفکرین فلسفیوں اور صوفیاء میں سے ایک شیخ اکبر ابن عربی ہیں۔ تقریباً 800 کتابوں کے مصنف ابن عربی کو صوفیاء نے "شیخ الاکبر" کا لقب دے رکھا ہے اور آج تک یہ لقب کسی اور کو نہیں مل سکا ہے۔ آپ کے نام کے ساتھ ال نہیں لگایا جاتا کیونکہ آپ سے ایک صدی قبل ابن العربی کے نام سے ایک علمی شخصیت امام غزالی کے شاگرد قاضی ابوبکر ابن العربی اشبیلیہ ہسپانیہ میں مشہور رہے ہیں۔ دونوں شخصیات میں تمیز کرنے کی خاطر انہیں ابن العربی اور آپ کو ابن عربی لکھا جاتا ہے۔ آپ کو ابن العربی صرف آپ کے لقب محی الدین کے ساتھ ہی لکھا۔ ابن عربی کا پورا نام شیخ اکبر محی الدین محمد بن علی بن محمد بن احمد ابن عربی الاندلسی الحاتمی الطائی ہے۔ آپ حاتم طائی کی نسل سے تھے جو اپنی سخاوت کے باعث نہ صرف عرب بلکہ تمام دنیا میں آج تک مشہور ومعروف ہیں۔ بنی طے ایک قبیلہ تھا، حاتم اس قبیلے کا ایک سردار تھا جس کے دروازے سے کوئی سائل خالی نہیں جاتا تھا۔ ویسے بھی عربوں میں مہمان نوازی بہت مشہور ہے۔ ان روایات کو عرب جہاں بھی گئے اپنے ساتھ لے گئے۔ حاتم طائی کی اولاد میں سے ایک صوفی منش گھرانے نے اندلس میں آکر رہائش اختیار کرلی تھی۔ ابن عربی کے دادا محمد اندلس کے قاضی اور ممتاز علماء میں سے تھے۔ ابن عربی کے والد علی بن محمد فقہ اور حدیث کے آئمہ اور زہد وتصوف کے بزرگوں میں سے تھے۔ والد وانصار سے تعلق رکھتی تھیں، ابن عربی کے ماموں شیخ یحییٰ بن یغان اور ابو مسلم الخولانی دمشق کے ایک مشہور ولی اللہ تھے، ابن عربی کا صوفی منش گھرانہ حضرت شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانیؒ سے بہت عقیدت رکھتا تھا۔ کتاب مناقب غوثیہ میں شیخ محمد صادق شیبانی قادری لکھتے ہیں کہ ابن عربی کے والد علی بن محمد لاولد تھے۔ حتیٰ کہ ان کی عمر پچاس سال کی ہوگئی۔ وہ حضرت غوث اعظمؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور دعا کی درخواست کی کہ اللہ تعالیٰ مجھے اولاد عطا فرمائے۔ حضرت شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی نے اللہ کے حضور دعا کی پھر کچھ دیر آنکھیں بند کرکے مراقبے میں چلے گئے پھر مسکرا کر آپ کے والد کو ہدایت کی اللہ کے فضل ورحمت سے تم اپنے بیٹے کا نام محمد اور لقب محی الدین رکھنا ہے۔ یہ بچہ یقیناً عظیم اور رتبہ عالی پائے گا۔ ابن عربی 17 رمضان المبارک 560ھ (بمطابق 1165ء) میں اندلس یعنی اسپین کے ایک شہر مرسیہ میں پیدا ہوئے۔ جس وقت آپ کی پیدائش ہوئی اندلس میں خانہ جنگی کا ماحول تھا اور کوئی مستحکم حکومت نہیں تھی۔ ابن عربی کے والد مرسیہ کے ہسپانوی الاصل حاکم محمد بن سعید مرذنیش کے دربار سے متعلق تھے۔ ابن عربی ابھی آٹھ برس کے تھے کہ مرسیہ پر موحدون کے قبضہ کرلینے کے نتیجہ میں آپ کے خاندان کو وہاں سے ہجرت کرنا پڑی۔ آپ کے والد نے لشبونہ (حالیہ پرتگال کا دارالحکومت لزبن) میں پناہ لی۔ البتہ جلد ہی اشبیلیہ کے امیر ابویعقوب یوسف کے دربار میں آپ کو ایک معزز عہدہ کی پیشکش ہوئی اور آپ اپنے خاندان سمیت اشبیلیہ منتقل ہوگئے، جہاں پر ابن عربیؒ نے عام بچوں کی طرح تعلیم وتربیت پائی اور جوانی کی دہلیز پر قدم رکھ دیا۔ ابن عربی نے سلجوک سلطنت کے دوران سلطان علاؤالدین اور خلافت عثمانیہ کے بانی کارناموں عثمان کے والد ارطغرل غازی کی بہت معاونت کی اور اس حوالے سے ابن عربیؒ نے خوابوں میں ان کی رہنمائی فرمائی۔ شاعر مشرق علامہ اقبالؒ کا کہنا تھا ان کے مزاج میں شدت نہ ہوتی تو بلاشبہ امام احمد رضا خان بریلوی اپنے دور کے امام ابوحنیفہؒ ہوتے یہ خیالات شاعر مشرق علامہ اقبالؒ کا امام اہل سنت کو خراج تحسین پیش کرنے کا ایک انداز تھا بلا مبالغہ برصغیر میں کوئی دوسرا حضرت احمد رضا خان بریلوی جیسا ذہین، فطین، علمی، فکری اور روحانی پیشوا پیدا نہیں ہوا آپ بیسویں صدی عیسوی کے مجدد، نامور حنفی فقیہ، محدث، اصولی، نعت گو شاعر، علوم نقلیہ وعقلیہ کے ماہر، سلسلہ قادریہ کے شیخ، عربی، فارسی اور اردو کی 1000 سے زائد کتابوں کے مصنف ہیں جن میں ان کا مشہور ترجمہ قرآن مجید کنزالایمان، اسلامی مسائل والجھنوں کا شافی اور منطقی دلائل پر مشتمل فتاویٰ کا مجموعہ فتاویٰ رضویہ اور نعتیہ دیوان حدائق بخشش بہت اہمیت کے حامل ہیں۔ امام اہل سنت اعلیٰ حضرت احمد رضا خان بریلوی اسلامی اسکالر، فقیہ، عالم دین، مجدد اہل سنت، صوفی، اردو شاعر، اور اسلام میں چودہویں صدی کے عظیم مصلح تھے حضرت احمد رضا خان بریلوی نے قانون، مذہب، فلسفہ، منطق، ریاضی اور دیگر علوم پر لکھا اور خوب لکھا وہ جنوبی ایشیاء میں اہلسنت تحریک کے رہنما بنے اور اربوں لوگوں کو متاثر کیا۔ اعلیٰ حضرت امام اہلسنت احمد رضا خان بریلوی کی ولادت 14 جون 1856 کو بریلی، شمالی مغربی صوبے میں ہوئی آپ کے والد ماجد نقی علی خان بھی ایک بلند پایہ عالم دین تھے جبکہ والدہ محترمہ کا نام حسینی خانم ہے آپ کو دنیا کے بہت سے علوم اسلامی الٰہیات، حدیث، تفسیر، فقہ، ریاضی، اردو شاعری، تصوف، سائنس، فلسفہ، علمیاتیات، فلکیات پر ناقابل یقین حد تک عبور حاصل تھا مکہ کے مفتی علی بن حسن مالکی نے احمد رضا خان بریلوی کو تمام دینی علوم کا انسائیکلوپیڈیا کہا جو ان کی قابلیت کا اعتراف ہے۔ اسی طرح ڈاکٹر پروفیسر طاہر القادری عالم اسلام کی نابغہ روزگار شخصیت ہیں جنہوں نے دور حاضر میں مسلم معاشرے پر گہرے نقوش چھوڑے ہیں انہوں نے اسلام کو ایک سائنٹفک انداز میں لوگوں تک پہنچایا وہ بلا کے مقرر ہیں اس حوالے سے انہیں آتش فشاں بھی کہا جاسکتا ہے۔ ڈاکٹر طاہر القادری کا تعلیمی نیٹ ورک پوری دنیا میں پھیلا ہوا ہے ان کا کمال یہ ہے کہ انہوں نے اسلام کی اصل روح کے مطابق تشریح کی جس سے معاشرے سے نفرتوں کا خاتمہ ہونے میں مدد ملی ہے بین المذاہب ہم آہنگی کے لئے بھی ڈاکٹر پروفیسر طاہر القادری کی خدمات ناقابل فراموش ہیں ان کے سیاسی ومسلکی نظریات سے تو اختلاف کیا جاسکتا ہے لیکن حقیقت تو یہ ہے کہ آج تک قرآن مجید پر جتنی ریسرچ انہوں نے کی ہے اس کی نظیر نہیں ملتی۔

☆☆☆☆☆

ٹیم درست سمت ہے لیکن بورڈ کا سوشل میڈیا کس سمت ہے؟؟

محمد صدیق

آسٹریلیا کے خلاف سیمی فائنل میں شکست سے پوری قوم کو افسردہ ہے۔ حالانکہ جب پاکستان ٹاس ہارا تو پچاس فی صد پاکستان یہ میچ ہار چکا تھا کیونکہ اس ورلڈ کپ کے جتنے میچ کھیلے گئے ان کا نتیجہ ٹاس پر ہی رہا کرکٹ کم اور ٹاس ٹاؤ زیادہ کھیلا گیا پاکستان نے بھی جب ٹاس جیتا مخالف ٹیم کو پہلے کھیلنے کی دعوت دی اور پاکستان اپنے راؤنڈ کے تمام میچ جیت گیا ایک وقت پر پاکستان سیمی فائنل جیتنے کی پوزیشن میں آگیا تھا کہ حسن علی سے کیچ چھوٹ گیا اور پوری قوم حسن علی کو برا بھلا کہہ رہی ہے حسن علی ایک اچھا کرکٹر ہے وہ تیز دوڑتا آیا بیٹ نہ کرسکا حالانکہ پاکستان کو سیمی فائنل کی دوڑ میں لانے میں اس کا بھی حصہ ہے۔ حسن علی پر ٹیم انتظامیہ کو مکمل اعتماد ہے۔ پاکستانی ٹیم نے دنیائے کرکٹ کو ورلڈ کپ میں بہت اچھی کرکٹ کھیل کر پیغام دیا ہے کہ دنیائے کرکٹ پاکستان کے بغیر نامکمل ہے کرکٹ کو سیاست میں گھسیٹنا مناسب نہیں ہے۔ پاکستان کو اپنی کرکٹ ٹیم پر فخر ہے اس نے بھارت کو شکست دیکر انکا غرور خاک میں ملایا ہے۔ ٹاس ہارنا پاکستان کے لیے نقصان دہ ثابت ہوا۔ اس ورلڈ کپ میں نوے فی صد ٹیمیں ٹاس جیت کر مخالف کو پہلے کھیلنے کی دعوت دیکر جیتی ہیں پہلے کھیلنے والی ٹیم کو ٹارگٹ کا علم نہیں ہوتا جبکہ دوسرے کھیلنے والی ٹیم کی پوری ہسٹری سامنے ہوتی کہ یہ میچ کب اور کس وقت کونسے گیئر میں کھیلنا ہے پاکستان کو میچ جیتنے کا موقع تو ملا مگر حسن کا کیچ ڈراپ آڑے آگیا شاداب خان چار وکٹ لیکر عمدہ باؤلنگ کا مظاہرہ کیا ہے۔ شبنم میں گیلے گیند کے ساتھ چار اوورز میں چار وکٹ عمدہ پرفارمنس کی جاتی ہے پورے ٹورنامنٹ میں بابر اعظم اور محمد رضوان کی تعریف نہ کرنا زیادتی ہوگی پاکستانی ٹیم پورے ورلڈ کپ میں عمدہ کرکٹ کھیلی ہے۔ ٹیم پر غیر ضروری تنقید سے گریز کرنا چاہیے۔ ابھی بہت کرکٹ باقی ہے ورلڈ کپ ختم ہوا ہے کرکٹ نہیں، قومی ٹیم بنگلہ دیش پہنچ چکی ہے۔ ٹیم درست راستے پر ہے۔ سینئرز اور جونیئرز کو ملا کر بہت ٹیم بنانے کی طرف توجہ دینی چاہیے۔ رمیز راجہ سے کہوں گا کہ یہ جو ہر دو منٹ بعد کرکٹ بورڈ کھلاڑیوں کی نئی نئی ویڈیوز جاری کرتا ہے اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ کپتان ڈریسنگ روم میں کھلاڑیوں سے جو کہتا ہے وہ نہایت ذاتی باتیں ہوتی ہیں ان کی میڈیا پر کوئی ضرورت نہیں ہے۔

ایسی کارکردگی دکھائیں کہ لوگ خود ویڈیوز بنائیں ہر وقت کھلاڑیوں کو کیمروں پر رکھنا مناسب نہیں ہے۔ اگر یہ کام کرنا ہے تو ذوالفقار کرکٹ پر توجہ دیں وہاں سے کھلاڑیوں کی کارکردگی اور ٹریننگ کو سامنے لائیں البتہ ڈریسنگ روم کی بھی سطح پر ایک ذاتی حیثیت رکھتا ہے اسے شائقین کے سامنے نہیں لانا چاہیے۔ شکریہ نوائے وقت

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

پھالیہ، کل پاکستان ادبی کانفرنس

کانفرنس کا چوتھا سیشن دوسرے دن اتوار کے صبح 8 بجے شروع ہوا جس کی صدارت ڈاکٹر افتخار کھوکھر نے کی۔ میزبان بلال بشیر تھے، مقررین میں کرنل (ر) اشفاق احمد اور ڈاکٹر

افضل حمید شامل تھے جنہوں نے "ادب اور عصری تقاضے" پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا

ی ادب کی بات کرتے ہوئے دھیان ترقی پسند ادب کی طرف جاتا ہے یا اسلامی ادب کی طرف ترقی پسند تحریک سے وابستہ دانشور بھی اس بات پر زور دیتے رہے کہ جو ادب ہماری مشرقی اقدار وروایات سے خالی ہے جس کے اثرات مثبت کی بجائے منفی پڑ رہے ہیں ایسے ادب سے کنارہ ہی بہتر ہے۔ ایسا ادب کس کام کا جس کے ذریعے ہم آنے والوں نسلوں کی تربیت اور ذہن سازی

نہ کرسکیں ادب محض لفظوں کی جگالی تو نہیں ہو سکتا۔ ایسا ادب جو ہماری زندگی کا حاطہ نہیں کر سکتے جو ہمارے مسائل نہیں بیان کر سکتا جس ادب کو ہماری بھوک اور معاش

شال بقیہ 1

عارف علوی نے کہا کہ عالمی وبا کورونا کے دوران وزیراعظم عمران خان نے معاشرے کے کمزور طبقات کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے کھل لاک ڈاؤن کی مخالفت کی اور اس فیصلے سے غربا اور مزدور طبقے کو مالی طور پر مشکلات سے بچایا۔ انہوں نے کہا کہ لاک ڈاؤن کے دوران احساس پروگرام کے تحت 12 کروڑ خاندانوں میں 200 ارب روپے تقسیم کیے گئے۔ صدر مملکت نے کہا کہ حکومت کے مثبت اقدامات کی بدولت ملکی معیشت میں بہتری آ رہی ہے اور ضرورت اس امر کی ہے کہ پسے ہوئے طبقات کو اوپر لانے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو احساس کفالت پروگرام کے تحت رقوم کی ادائیگی بنک اکاؤنٹ کے ذریعے کرنے کے لیے کاوشیں کی جارہی ہیں۔

شال بقیہ 2

کی مرمت میں لگائے، اس رقم سے نئی بڑے کام ہوسکتے تھے، لندن اور دوسرے ممالک میں بڑی بڑی گاڑیاں چلا رہے ہیں، پرتعش محلات میں رہ رہے ہیں، یہ سارا پیسہ یہاں سے گیا ہے؟ پہلے دن سے حکومت کے خلاف اپوزیشن ہر محاذ پر مخالف رہی ہے اور حکومت گرانے کی باتیں کرتے ہیں، مجھے امید ہے 5 سال بعد جب کارکردگی کا گراف سامنے آئے گا تو اپوزیشن کی دکانیں بند ہوجائیں گی، قلت آب کی کمی کو پورا کرنے کیلئے گزشتہ 50 برس میں پہلی مرتبہ 3 بڑے ڈیمز بن رہے ہیں، آئندہ 10 برس میں 10 ڈیمز بنیں گے، ان ڈیمز کی پلاننگ 40 سال پہلے ہوئی تھی۔ منگل کو للیہ تا جہلم شاہراہ کا سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے جس جنون کے ساتھ جہلم کی جنگ لڑی ہے اس پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

شال بقیہ 3

کہا جاتا حکومت چاہتی ہے کہ ساری قانون سازی 19 نومبر سے پہلے کرلی جائے، پی ڈی ایم حکومت کی قانون سازی کو عدالت میں چیلنج کریگی، ججز کے حلفیہ بیانات نے عدالتی نظام پر داغ ڈالا ہے ان بیانات کی تحقیقات ہونی چاہیے، حکومتی اتحادیوں پر پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں ووٹ دینے اور اپوزیشن اراکین کو اجلاس میں نہ آنے کے لئے دباؤ ڈالا جارہا ہے، پیپلز پارٹی کا پی ڈی ایم واپسی کے حوالے سے مستقبل کیا ہے یہ طے نہیں اور اس پر بات نہیں ہوئی، وطن واپس آنے کا فیصلہ میاں نواز شریف خود کریں گے ان سے ہمارے رابطوں کا یہ مطلب نہیں کہ وہ واپس آرہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ میں جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع کی رہائشگاہ پر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین محمود خان اچکزئی، نیشنل پارٹی کے صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، بلوچستان نیشنل پارٹی کے قائم مقام صدر ملک عبدالولی کاکڑ، ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر نائب صدر سردار یعقوب خان ناصر، صوبائی صدر جمال شاہ کاکڑ سمیت دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر ملک سکندر خان ایڈوکیٹ، حافظ حمد اللہ، عبدالرحیم زیارتوال، عبدالقہار دوران، عصمت اللہ سالم سمیت دیگر بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 4

ڈیفنس یونیورسٹی (این ڈی یو) میں زیر تربیت افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خطاب کا موضوع "پاکستان کی خارجہ پالیسی اور درپیش چیلنجز" تھا۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی میں زیر تربیت افسران کے ساتھ بات چیت کرنا ہمیشہ خوشی کا باعث رہا ہے۔ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ مجھے کئی دوست ممالک کے ہمراہ پاکستان کے سول اور فوجی افسران کے ساتھ اکٹھے دیکھ کر خوشی محسوس ہورہی ہے۔ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ہم واقعی "دلچسپ دور" سے گزر رہے ہیں، جہاں دنیا تیزی سے بدل رہی ہے۔ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ہمارے لیے چیلنج یہ ہے کہ ہم اپنے قومی مفادات کو فروغ دینے اور ان کو پہنچنے والے نقصانات کو روکنے کے لیے نئے حقائق سے ہم آہنگ ہونے کیلئے ہمہ وقت چوکس رہیں۔ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پاکستان جنوبی ایشیا، وسطی ایشیا، مشرق وسطیٰ اور چین کے سنگم پر واقع ہے اس لیے ہمارے اقتصادی مفادات کو فروغ دینے اور اپنے ثقافتی اور تاریخی تعلقات کو زندہ رکھنے کے لیے بہتر رابطہ ضروری ہے۔ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ کنیکٹیویٹی حوالے سے سی پیک، ایک اہم اقدام ہے، پاکستان اس فریم ورک کو نہ صرف اپنے لیے بلکہ خطے کے لیے بھی گیم چینجر کے طور پر دیکھتا ہے۔ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ گوادر پورٹ سی پیک فریم ورک کے اہم اجزاء میں سے ایک ہے۔

شال بقیہ 5

کرنے کی بھرپور کوشش کررہے ہیں صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ہرنائی، زیارت میرا انتخابی حلقہ ہے اور عوام نے مجھ پر جو اعتماد کرکے بھاری مینڈیٹ سے مجھے کامیاب کیا ہے حلقے کے عوام کے مسائل حل کرنا اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ زلزلہ متاثرین کے امدادی پیکج کی منظوری ہوچکی ہے اور جلد انہیں امداد رقم فراہم کرچکے صوبائی وزیر خزانہ نے کہا کہ حلقے کے دونوں اضلاع ہرنائی و زیارت کیلئے کے وفاقی پی ایس ڈی پی میں صرف سڑکوں کی مرمت کیلئے بیس ارب روپے منظور کروائے ہے ہرنائی کوئٹہ اور ہرنائی سنجاوی روڈ خانی کراس تا زیارت ڈبل وے روڈ سنجاوی تا زیارت سنجاوی تا لورالائی روڈ زیارت کے انتظامی حدود تک کی تعمیر کے علاوہ بڑے بڑے ترقیاتی پروجیکٹ منظور کروائے ہے جن پر کام سست روی کا شکار تھا لیکن اب تمام ترقیاتی منصوبوں پر تعمیراتی کام شروع کرچکے اور جلد سے جلد انہیں پایہ تکمیل تک پہنچائے گے صوبائی وزیر خزانہ حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع ہرنائی وزیارت کے دونوں اضلاع کے ترقی وخوشحالی کیلئے کوشاں ہے انہوں نے کہا کہ ہرنائی زیارت سنجاوی میرا حلقہ انتخاب ہے اور اپنے حلقے میں برابری کی بنیادی پر ترقی دے دیگے حاجی نور محمد خان دمڑ نے ضلع ہرنائی اور تحصیل شاہرگ میں تمام زیر التوا ترقیاتی منصوبوں کی جلد از جلد تکمیل تحصیل شاہرگ کو فنکشنل کرنے کیلئے جلد شاہرگ تحصیل میں اسسٹنٹ کمشنر سمیت دیگر تحصیل سطح کے آفیسران کی تعیناتی کی منظوری کرکے شاہرگ عوام کے مسائل انکے دہلیز پر حل کرینگے۔

شال بقیہ 6

میں کورونا کے ایک 10 ہزار 401 اور آزاد کشمیر میں 34 ہزار 514 کیسز ریکارڈ ہوئے، ملک بھر میں کورونا کے ایکٹو کیسز کی تعداد 22 ہزار 626 ہے۔ این سی او سی کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک بھر میں کورونا کے 33 ہزار 435 ٹیسٹ کیے گئے، ملک بھر میں ایک 2 کروڑ 14 لاکھ 52 ہزار 460 کورونا ٹیسٹ کیے جاچکے ہیں۔

شال بقیہ 7

ہے۔ خاتون اول نے کہا کہ ملک میں ہر آٹھ میں سے ایک خاتون بریسٹ کینسر کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرتی اقدار کی وجہ سے بھی ہماری خواتین چھاتی کے کینسر کے متعلق بات نہیں کرپاتی یہ مرض صرف چالیس سال سے زائد عمر کی خواتین میں ہی نہیں بلکہ آج کل کم عمر بچیاں بھی بریسٹ کینسر کا شکار ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ Pink Ribbon تحریک کا مقصد صرف یہ دن منانا نہیں بلکہ آگاہی کا فروغ دینا ہے تاکہ خواتین اس موذی مرض کے نقصانات سے باخبر ہوں اور اس کے تدارک کے لئے لائحہ عمل تیار کرے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری خواتین کو مزید مواقع دینے چاہئے تاکہ معاشرے میں خواتین کے حوالے سے سوچ کو تبدیل کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری خواتین جو کسی بھی طرح سے معذوری کا شکار ہیں وہ بھی ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہیں۔ خاتون اول نے سیمینار میں معذور خواتین کی شرکت کو بے حد سراہا اور کہا کہ ہر انسان میں اللہ نے صلاحیتیں رکھی ہیں اور معذور ہونے کی صورت میں انہیں بھی کچھ خاص دیگر صلاحیتوں سے نوازا ہے جس کی مثال اس تقریب میں ہمارے سامنے موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ کینسر کی پہلی اسٹیج پر بچنے کے چانس 98 × ہیں۔

شال بقیہ 8

تحمل ناقابل برداشت عمل ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں تبدیلی کا بنیادی مقصد یہاں عوام کے لئے خوشگوار اور پرسکون ماحول پیدا کرنا ہے عوام کو ہم آہنگی کا ماحول فراہم کرنے کی پوری کوشش کریں گے انہوں نے کہا کہ حکومت کے ہمارے دروازے عوام کے لئے کھلے ہیں بلوچستان کے عوام کے مسائل کو دستیاب وسائل میں حل کرنے کی پوری کوشش کریں گے۔

شال بقیہ 9

توڑ کر رکھ دیا گیا ہے پاکستان کو عالمی برداری سے تنہا کردیا گیا ہے حکمران نیازی مہنگائی بیروزگاری کے فروغ کا باعث بن رہے ہیں انھوں نے کہا کہ حکومت نام کی کوئی چیز ملک میں موجود نہیں ہے مہنگائی میں اس قدر اضافہ ہوچکا ہے کہ لوگ دو وقت کی روٹی کو ترس رہے ہیں انھوں نے کہا کہ حکومت کے دن گنے جاچکے ہیں عمران نیازی کو ملک اور قوم پر مسلط کرنے والے اب ان کی رخصتی کی تیاریوں میں مصروف عمل ہیں انھوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے عہدیداران ورکرز عام انتخابات کی تیاریاں شروع کردیں آنے والا دور پیپلز پارٹی کا ہے پیپلز پارٹی شہیدوں غریبوں کسانوں محنت کشوں کی جماعت ہے برسر اقتدار آکر ملک سے مہنگائی بیروزگاری لاقانونیت کا خاتمہ کرکے ملک کو معاشی و اقتصادی ترقی کی شاہراہ پر گامزن کریں گے نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم کرکے ان کے اندر پائی جانے والی احساس محرومی کو دور کریں گے۔

شال بقیہ 10

شروع کررکھی ہے اور اداروں کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی جارہی ہے، الیکٹرانک ووٹنگ مشین یا انتخابی اصلاحات عمران خان کا نہیں قومی ایجنڈا ہے، انتخابی اصلاحات کا بل پارلیمان سے (آج) بدھ کو منظور کرائیں گے، اپوزیشن انتخابی اصلاحات پر کھلے دل سے غور کرے۔ وہ منگل کو الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے گفتگو کررہے تھے۔ اس موقع پر وزیر مملکت برائے اطلاعات فرخ حبیب بھی موجود تھے۔ چوہدری فواد حسین نے کہا کہ ماضی میں نواز شریف کو جب سپریم کورٹ طلب کیا گیا تو (ن) لیگ نے سپریم کورٹ پر حملہ کردیا تھا، ن لیگ نے کل بھی عدلیہ پر حملہ کیا، ایک ایسے شخص کی طرف سے جعلی بیان سامنے لایا جو ن لیگ کے لیڈروں کا پروردہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی شبہ نہیں کہ یہ شخص لندن میں نواز شریف کے ٹرپ پر رہ رہا ہے، اس کے حلفیہ بیان کی فیس بھی نواز شریف فیملی نے ادا کی، حسین نواز اس معاملے کو ڈیل کررہے ہیں۔

شال بقیہ 11

۔ تقی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 2000 سے 2020 کے دوران انسانیت کیلئے مالی امداد میں 50 فیصد اضافہ ہوا ہے، انسانوں کی بہتری کیلئے مالی عطیہ اہم کردار ادا کرتا ہے، 74 فیصد کمپنیاں ابھی عطیات نہیں دے رہی انکو بھی دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی کافی زیادہ عطیات دیتے ہیں، اس سال شرح نمو 5 فیصد سے زیادہ رہے گی، ہم غریبوں کو امداد دیں گے، ہم غریبوں کو بغیر شرح سود کے قرض فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ کامیاب جوان پروگرام کیلئے آئندہ چار سالوں میں ایک سو 40 ارب روپے کے قرض دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ احساس پروگرام کیلئے 260 ارب روپے رکھے گئے ہیں، احساس راشن کیلئے 350 ارب روپے مختص کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کورونا کے دوران بھی کاروباروں کو مالی وسائل فراہم کیے، حکومت غریبوں کیلئے وہ کر رہی ہے جو ضروری تھا۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف پروگرام کے باوجود غریبوں کی مدد کریں گے۔ بعد ازاں میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے شوکت ترین نے کہا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ ڈیل جلد ہوجائے گی۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ آئی ایم ایف نے ڈیل سے پہلے 5 فنکشنل اقدامات کا مطالبہ کر دیا جن میں ٹیکس چھوٹ کا خاتمہ، اسٹیٹ بینک کی خود مختاری شامل ہیں، بجلی کی قیمتوں میں اضافے کا مطالبہ پورا کرچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس اسٹیٹی کا خاتمہ اور اسٹیٹ بینک کی خودمختاری کے بل تیار کر لیے۔ انہوں نے کہا کہ وزارت قانون قانونی بلز کے مسودے کو حتمی شکل دے رہی ہے، کرنسی ریٹ اور مانیٹری پالیسی اسٹیٹ بینک کا دائرہ کار ہے۔

شال بقیہ 12

ہدایت کی ہے وزیراعلیٰ کا کہنا ہے کہ صحت کے شعبہ کی ترقی اور سہولتوں کی فراہمی کے لیئے تمام وسائل فراہم کیئے جائیں گے دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے سرکلر روڈ کوئٹہ پارکنگ پلازہ 10 دسمبر 2021 تک مکمل کرنے کی ڈیڈ لائن دی ہے انہوں نے ہدایت کی ہے کہ طویل عرصہ سے تعطل کے شکار پارکنگ پلازہ کو مقررہ مدت کے اندر ہر صورت مکمل کیا جائیانہوں نے کہا ہے کہ پارکنگ پلازہ کی تکمیل سے کوئٹہ شہر کے ٹریفک نظام کی بہتری ممکن ہوگی۔ وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر کے دیگر علاقوں میں مزید پارکنگ پلازہ تعمیر کیئے جائیں گیا اور ٹریفک کے نظام کی بہتری کے مزید اقدامات بھی کیئے جائیں گے۔

شال بقیہ 13

سیکرٹری پی ایچ ای ندیم احمد۔ نسیم خان کاکڑ۔ چیف انجنئر نظام خان۔ شریف خان۔ آغا عمران شاہ۔ واسا کے ڈائریکٹر ایڈمن خالد شیر دل۔ رمضان اچکوئی۔ جہانگیر شاہ اور دیگر آفیسران بھی موجود تھے۔ مشیر پی ایچ ای لالا رشید بلوچ نے کہا کہ محکمہ پی ایچ ای کی ترقیاتی اسکیمات جلد سے جلد پہ تکمیل تک پہنچنی چاہیں تاکہ عوام کو ان ترقیاتی اسکیمات کے ثمرات مل سکے کیونکہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کا ویژن بھی یہی ہے کہ موجودہ حکومت عوام کو بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے دن رات کوشش جاری رکھے تاکہ عوام کو ترقیاتی اسکیمات جلد اور بروقت میسر ہوسکے آخر میں سیکرٹری پی ایچ ای صالح محمد ناصر نے محکمہ پی ایچ ای کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا جس پر مشیر پی ایچ ای لالا رشید نے اپنے جانب سے محکمہ کو ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

شال بقیہ 14

روانہ کردیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ شورکوٹ سے لاہور آنے والی راوی ایکسپریس ٹرین سے ان مینڈ لیول کراسنگ کرتے ہوئے سکول وین سے ٹکرا گئی جس کی وجہ سے تین بچیاں جاں بحق اور آٹھ زخمی ہوگئیں۔ حادثے میں دو بچیاں موقع پر جاں بحق جبکہ نو زخمی ہوگئیں جنہیں طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں ایک اور بچی دم توڑ گئی۔ حادثے کے بعد بڑی تعداد میں اہل علاقہ نے پھاٹک نہ ہونے پر ریلوے حکام کے خلاف احتجاج کیا اور کچھ دیر تک ٹرین کو روکے رکھا تاہم پولیس سے مذاکرات کے بعد ٹرین کو روانہ کردیا گیا۔ ریلوے ترجمان کے مطابق حادثہ جڑانوالا شیخوپورہ سیکشن پر ہوا جو سکول وین ڈرائیور کی غلطی کی وجہ سے پیش آیا۔ ترجمان کے مطابق ریلوے ان مینڈ لیول کراسنگ عبور کرنے کے حوالے سے پہلے ہی سینکڑوں مہم چلا رہا ہے۔ تمام تر کوششوں کے باوجود سڑک استعمال کرنے والے ریلوے لائن کراس کرتے وقت احتیاط نہیں کرتے۔ ترجمان ریلوے نے کہا کہ معصوم بچوں کی جانوں کا ضیاع ایک ناقابل تلافی نقصان ہے۔

شال بقیہ 15

بنا کر گئے تھے؟ ملک قیوم، سیف الرحمن، آڈیو لیک سے کیا پیغام ملتا ہے، اس وقت آپ کس کے ساتھ کھڑے تھے؟۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے علی نواز اعوان نے کہا کہ ہم سیاسی لوگ ہیں، ہم مورال اتھارٹی کے تحت یہاں آئے ہیں ہمیں یہاں لیکچر نہ سنائیں، ہم سے پہلے کیا ہوا کہاں کھڑے تھے؟۔ انہوں نے کہا کہ کیا ہمارے آنے سے پہلے کوئی میرٹ تھا، یا کوئی احتساب کا نظام بنا کر گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ 35 سال میں ان حکومتوں نے کیا کیا ہے؟ تاریخ میں آپ کا کردار کیا رہا ہے؟۔ انہوں نے کہا کہ ملک قیوم، سیف الرحمن، آڈیو لیک سے کیا پیغام ملتا ہے، اس وقت آپ کس کے ساتھ کھڑے تھے۔ انہوں نے کہا کہ کیا اس وقت آپ جمہوریت کے ساتھ کھڑے تھے یا مفادات کے ساتھ تھے۔

شال بقیہ 16

تھا، یہ منی لانڈرنگ اور کرپشن کا بہت بڑا اسکینڈل تھا۔ انہوں نے کہا کہ منی لانڈرنگ اور چوری کا معاملہ ہو اور نواز شریف کا نام نہ آئے یہ کیسے ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق وزیراعظم نواز شریف نے یہاں ایوان میں آکر اس وقت جواب دیا اور کہا کہ یہ ہیں وہ ذرائع۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ میں ذرائع کی بجائے قطری خط آگیا، اسی طرح شہباز شریف کا نام سامنے آیا تو اس نے کہا میرا بیٹے جواب دیں گے، انہوں نے ججز کو بھی دھمکیاں دیں اور جیل حکام کو بھی، عمران نے حق حلال کی کمائی پاکستان میں استعمال کی، عمران نے چالیس سال کی منی ٹریل ایوان میں دی، عمران خان نے کہا تھا نہ قوم بھولے گی اور نہ میں بھولنے دوں گا۔

شال بقیہ 17

شکایت کنندہ نے اپنے مسئلے کے حل کے لئے وفاقی محتسب کے ادارے سے مدد طلب کی اور فوری انصاف کی اپیل کی جس کا وفاقی محتسب کے ادارے نے فوری نوٹس لیا اور بے نظیر اکم سپورٹ پروگرام بلوچستان کوئٹہ کو مسئلہ فوری طور پر نمٹانے کا نہ صرف حکم دیا بلکہ غیر ضروری تاخیر کے ذمہ داران کے خلاف کارروائی کا بھی حکم دیا جس کے جواب میں بے نظیر اکم سپورٹ پروگرام بلوچستان کوئٹہ نے فوری طور پر درخواست گزار/ شکایت کنندہ کو امدادی رقم ادا کی۔ درخواست گزار نے اپنے دیرینہ مسئلے کے حل ہونے پر نہ صرف انتہائی مسرت اور خوشی کا اظہار کیا بلکہ وفاقی محتسب کے بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ بھی ادا کیا۔

شال بقیہ 18

بھی نبھانا چاہیے تاکہ انسانیت کی ترقی وامن کا عظیم نصیب الجین مشترکہ طور پر فروغ پائے۔ یہ چین، امریکہ نیز دنیا کے مختلف ممالک کے عوام کی مشترکہ خواہش ہے اور چین امریکہ سربراہان کا مشترکہ مشن بھی ہے۔ چینی صدر نے منگل کو امریکی صدر جو بائیڈن کے ساتھ چین امریکہ تعلقات اور باہمی تشویش کے امور پر تبادلہ خیال کرنے کیلئے ایک ورچوئل ملاقات کی۔ اس دوران صدر شی جن پنگ نے کہا کہ چین اور امریکہ کو ایک دوسرے کا احترام کرنا چاہیے، پرامن بقائے باہمی اور مشترکہ مفادات پر مبنی تعاون کو فروغ دینا چاہیے۔

شال بقیہ 19

آنے والے عام انتخابات کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا سابق صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ موجودہ حکمران عالمی سطح پر رسوائی کے باعث بن چکے ہیں ملک کو آئی ایم ایف کے ہاتھوں گروی رکھ دیا گیا ہے مہنگائی نے 22 کروڑ عوام کی کمر توڑ کر رکھ دیا گیا ہے پاکستان کو عالمی برداری سے تنہا کردیا گیا ہے حکمران نیازی مہنگائی بیروزگاری کے فروغ کا باعث بن رہے ہیں انھوں نے کہا کہ حکومت نام کی کوئی چیز ملک میں موجود نہیں ہے مہنگائی میں اس قدر اضافہ ہوچکا ہے۔

شال بقیہ 20

طرف نہ جائیں۔ چینی صدر شی جن پنگ نے کہا کہ امریکہ اور چین کو متعدد چیلنجز کا سامنا ہے۔ دونوں ممالک کو رابطے اور تعاون بڑھانے کی ضرورت ہے۔ دونوں صدور کے درمیان ملاقات خوشگوار رہی اور دونوں نے گرمجوشی کے ساتھ ایک دوسرے کو سلام کیا۔ چینی صدر نے کہا کہ وہ اپنے پرانے دوست بائیڈن کو دیکھ کر خوش ہیں۔ صدر جو بائیڈن نے کہا کہ شاید مجھے زیادہ باضابطہ طور پر بات شروع کرنی چاہیے حالانکہ میں اور آپ کبھی بھی ایک دوسرے کے ساتھ اتنے رکھی نہیں رہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم دونوں نے ہمیشہ ایک دوسرے کے ساتھ بہت ایمانداری اور صاف گوئی سے بات چیت کی ہے، ہم نے کبھی یہ نہیں سوچا کہ دوسرے کیا سوچ رہے ہیں۔ چینی صدر نے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے دونوں ممالک کے ساتھ مل کر چلنے پر زور دیا اور کہا کہ موسمیاتی تبدیلی اور کووڈ 19 جیسے مسائل سے نمٹنے کے لیے مضبوط چین امریکہ تعلقات کی ضرورت ہے۔

شال بقیہ 21

فیصلے، آمریت کا بار بار مسلط ہونا اور جمہوریت کو پھلنے پھولنے سے روکنا عدم برداشت کے اسباب ہیں۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ پاکستان کی سرزمین تاریخی طور پر رواداری پسند اور انسانیت دوست رہی ہے۔: دنیا میں بین المسالک و بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دینے کی شدید ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی قائداعظم کے ویژن، قائد عوام کے نظریے اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے فلسفے کی روشنی میں پاکستان کو برداشت و رواداری کا گہوارہ بنائی گی۔

شال بقیہ 22

اور وہ بے خوراک کی قلت کا مسئلہ۔ انہوں نے ورلڈ فوڈ پروگرام کے اعداد و شمار کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ پانچ برس سے کم عمر کے تقریباً 32 لاکھ بچے اس برس کے اواخر تک شدید قلت تغذیہ کے شکار ہوجائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی حمایت یافتہ سابقہ حکومت نے اس تباہی کو ٹالنے کے لیے خاطر خواہ اقدامات نہیں کیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بیس برس تک صحت کا شعبہ غیر ملکی امداد پر منحصر رہا۔ ایسا کوئی بنیادی کام نہیں کیا گیا کہ ہیلتھ کیئر کا انفراسٹرکچر اور اس کے وسائل باقی رہ سکتے۔ طالبان رہنما نے کہا کہ غیر ملکی عطیہ دہندگان اور غیر حکومتی تنظیموں نے ہر چیز کے لیے مالی امداد فراہم کی لیکن کوئی کارخانہ تعمیر نہیں کیا گیا، گھریلو وسائل کا کوئی استعمال نہیں کیا گیا۔ نائب وزیر صحت عمر نے کہا کہ اگر غیر ملکی وسائل میں تخفیف کردی جائے اور بین الاقوامی تنظیمیں اپنی امداد روک دیں تو ہم خدمات کس طرح فراہم کرسکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈ بینک، یورپی یونین اور یو ایس ایڈ (امریکی ترقیاتی ایجنسی) نے افغانستان کے عوام سے کیے گئے اپنے وعدے پورے نہیں کیے۔ طالبان حکومت کے نائب وزیر صحت عبدالباری عمر کا کہنا تھا کہ تنظیموں نے افغانستان کے عوام سے وعدے کیے، انہوں نے ماؤں، بچوں اور ضرورت مند افراد سے وعدے کیے۔ ان کا نعرہ تھا کہ صحت خدمات کو سیاست سے الگ رکھا جائے گا لیکن جب حکومت میں تبدیلی ہوئی تو بدقسمتی سے انہوں نے سب کچھ سیاسی ایجنڈے میں تبدیل کردیا۔

شال بقیہ 23

جلسہ میں شرکت کرے قافلے کی قیادت جمعیت علمائے ترجمان حافظ قاسم لہڑی اور بی این پی کے ضلعی صدر میر قادر بخش مینگل کریں گے۔

شال بقیہ 24

17 نومبر کو مریم نواز کا کیس ہے اور 15 نومبر کو عدلیہ کے خلاف خبر لگادی گئی۔ شہزاد اکبر نے کہا کہ رانا شمیم پی سی او جج رہے، حیرت ہے نواز شریف کو پی سی او جج کا سہارا لینا پڑا، خواجہ آصف نے بائیکورٹ کا نام لے کر اعلیٰ عدلیہ کی توہین کی ہے خواجہ آصف کی پریس کانفرنس عدلیہ پر تنقید کیلئے تھی اس کا نوٹس لیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جسٹس (ر) رانا شمیم قابل بھروسہ گواہ نہیں ہے، اعلیٰ عدلیہ پر براہ راست حملہ کیا گیا ہے، مائنڈ سیٹ ہے حق میں فیصلہ کرو تو ٹھیک، خلاف کرو گے تو حملے کریں گے، شریف خاندان پورا مافیا ہے، پاکستان میں لاقانونیت لانا چاہتا ہے، یہ چاہتے ہیں پاکستان میں طاقتور شخص قانون سے بالاتر ہو، یہ لوگ تو ججوں پر حملہ کرتے ہیں گواہوں کو ڈراتے دھمکاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ میں مریم نواز اعتراف کرچکی ہیں ایون فیلڈ ان کی ملکیت ہے جعلی ٹرسٹ ڈیڈ عدالت میں پیش کی گئی جو کیلبری فونٹ کا معاملہ آیا تھا، جعلی ٹرسٹ ڈیڈ کے ذریعے ہی ایون فیلڈ کو حسین نواز کی ملکیت ظاہر کیا گیا، اکتوبر کے آخر میں رانا شمیم امریکہ گئے، واپسی پر لندن میں نواز شریف سے ملاقات کی اطلاعات ہیں، منصوبہ سازی لندن میں کی گئی اور یہاں سے بھی سہولت کار گئے، نجر میں جن لوگوں کا ذکر کیا گیا ہے اس فیملی کے 2 ممبران یہاں سے گئے۔

شال بقیہ 25

میں طالبان کے نامزد کردہ مستقل مندوب سہیل شاہین نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر اپنی طویل نوٹ میں لکھا کہ افغان عوام نے طویل جدوجہد کے بعد آزادی حاصل کی ہے جس کے بعد آزاد افغانستان کے لیے امریکا سمیت تمام ممالک کے ساتھ باہمی مفادات، سرمایہ کاری اور تعمیر نو، مشترکہ منصوبوں پر مبنی مثبت تعلقات کا ایک نیا باب کھل گیا ہے۔ ترجمان طالبان نے سہیل شاہین نے اپنی نوٹ میں یہ بھی بتایا کہ قدرتی وسائل کی تلاش اور معدنیات نکالنے کے لیے امریکا کے ساتھ ہونے والے دوحہ معاہدے کی پاسداری کر رہے ہیں۔ طالبان ترجمان اپنے اس عہد کو بھی دہرایا کہ افغان سرزمین کو کسی دوسرے ملک کے خلاف استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ موجودہ حکومت کی پورے ملک میں حاکمیت اور رٹ قائم ہے اور عوام کی بھی مکمل حمایت حاصل ہے۔ سہیل شاہین نے اپنی نوٹ میں یہ بھی مطالبہ کیا کہ اقوام متحدہ میں افغانستان کے مستقل مندوب کی نشست کے لیے طالبان حکومت تمام قانونی شرائط پوری کرتی ہے اور ہم امید کرتے ہیں کہ قانونی تقاضے سیاسی ترجیحات سے بالاتر ہوں گے۔

شال بقیہ 26

تھا اس کو کافی عرصہ گزر چکا تھا۔ علی محمد خان نے کہا کہ اس عرصے میں بہت سارے لوگ غربت کی لکیر سے نکل گئے اور بہت سارے اس لکیر سے نیچے چلے گئے۔ علی محمد خان نے کہا کہ نئے سروے کا مقصد تازہ صورتحال کے مطابق مستحقین کا اندراج کرنا تھا۔ علی محمد خان نے کہا کہ سروے کے مطابق غربت میں دو فیصد کمی کا امکان ہے لیکن یہ درست ہے کہ مہنگائی میں اضافہ ہوا ہے۔ علی محمد خان نے کہا کہ حکومت نے غریبوں کیلئے راشن پروگرام کا اجراء کیا ہے۔ علی محمد خان نے کہا کہ پروگرام کے تحت گھی دالیں اور آٹا سبسڈائز ڈریٹ پر ملے گی۔

شال بقیہ 27

علی زرداری نے چوہدری شجاعت حسین کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ چوہدری پرویز الٰہی اور سالک حسین نے خیریت دریافت کرنے پر آصف علی زرداری کا شکریہ ادا کیا۔ علاوہ ازیں مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے بھی چوہدری سالک حسین سے فون پر رابطہ کرکے چوہدری شجاعت حسین کی خیریت دریافت کی۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ اللہ تعالیٰ چوہدری شجاعت حسین کو صحت دے۔ ہم سب انکی جلد صحت یابی کے لئے دعا گو ہیں۔

شال بقیہ 28

مطابق منگل کو بلیکلور چنکان بازار میں نامعلوم مسلح مسلح گاڑی سوار افراد کی فائرنگ سے ارشاد نامی شخص جاں بحق ہوگیا پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 29

سید ظہور احمد آغا نے آئین کے آرٹیکل (109(A کے تحت بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 19 نومبر بروز جمعہ کو سہ پہر تین بجے بلوچستان اسمبلی میں طلب کرلیا ہے اسمبلی اجلاس کے دوران تمام وزیرز کا اسمبلی سیکرٹریٹ میں داخلہ بذریعہ کارڈ ہوگا علاوہ ازیں تمام سرکاری وغیر سرکاری مسلح سیکورٹی گارڈز کا اسمبلی اجلاس کے دوران اسمبلی سیکرٹریٹ میں داخلہ ممنوع ہوگا۔

شال بقیہ 30

منشیات برآمد کرلیں۔ جبکہ منشیات کی اسمگلنگ میں ملوث 5 ملزمان گرفتار اور 3 عدد گاڑیاں بھی قبضے میں لے لی گئیں۔ برآمد شدہ منشیات میں 70 کلو گرام ہیروئن، 2,110 کلوگرام چرس اور 100 عدد اکسٹیسی گولیاں (0,046 کلو گرام وزنی) شامل ہے۔ تمام مقدمات انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت اے این ایف کے متعلقہ تھانوں میں درج کرلئے گئے ہیں جبکہ مزید تفتیش جاری

مارچ کے پس پردہ اغراض قوم کے سامنے عیاں ہو چکی ہے، جے یو آئی نظریاتی

نام نہاد مذہب پرستوں اور قوم پرستوں نے سیاسی موروثیت، جھوٹ، فریب اور دھوکہ کی سیاست سے اخلاقی اقدار اور اسلامی سیاست کو مسخ کر دیئے

انتشار و افراتفری کی سیاست سے اپنے سیاسی سودا بازیاں کئے جا رہے ہیں قوم نے ان کو مسترد کر دیئے کرپٹ عناصر کی سیاست ختم ہو چکی ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری صبر اللہ جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی شیخ الحدیث مولانا نیاز محمد آغا ابراہیم شاہ، مولانا خدائے نظر حاجی داد محمد مولانا اللہ بخش، مولانا محمد ابراہیم نے کہا کہ نام نہاد مذہب پرستوں اور قوم پرستوں نے سیاسی موروثیت، جھوٹ، فریب اور دھوکہ کی سیاست سے اخلاقی اقدار اور اسلامی سیاست کو مسخ کر دیئے انتشار و افراتفری کی سیاست سے اپنے سیاسی سودا بازیاں کئے جا رہے ہیں قوم نے ان کو مسترد کر دیئے کرپٹ عناصر کی سیاست ختم ہو چکی ہے اب ایک دوسرے کے سہارے سے اپنے سیاسی ساکھ بحال کرنے کی کوشش ہے قوم کو مہنگائی اور بیروزگاری کا جھانسہ پر مارچ سے اپنے سیاسی سودا بازیاں کئے جا رہے ہیں مولانا فضل الرحمن ٹھیکہ بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

سیکرٹری مواصلات زاہد سلیم ڈیپارٹمنٹل پروگریس سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عالمی فوڈ سیکورٹی انڈیکس (ن) کے مقابلے میں پی ٹی آئی کے تین سالہ دور میں رینکنگ میں تین درجے بہتری، حسان خاور

پوزیشن تعصب کی عینک اتارے تو اسے پتہ چلے پی ٹی آئی کی بدولت پاکستان عالمی توجہ کا مرکز ہے، ترجمان پنجاب حکومت

لاہور (این این آئی) معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب برائے اطلاعات و ترجمان پنجاب حکومت حسان خاور نے کہا ہے کہ عالمی فوڈ سیکورٹی انڈیکس میں مسلم لیگ (ن) کے تین سالہ دور کے مقابلے میں تحریک انصاف کے تین سالہ دور میں پاکستان کی رینکنگ میں تین درجے بہتری ہوئی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں حسان خاور نے کہا کہ دنیا بھر کے جریدے، ماہرین اور لیڈران پاکستان کی ترقی اور عوام دوست پالیسیوں کی تائید کر رہی ہے۔

مصر میں سیلاب کے بعد بچوں کی بہتات، کاٹنے سے 500 افراد زخمی

طبی مراکز میں بچھو زہر کا تریاق یعنی اینٹی وینم کی بڑی خوراکیں پہنچا دی گئیں، انتظامیہ

قاہرہ (این این آئی) مصر میں شدید بارشوں نے تباہی مچا دی۔ شدید طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں نے بچھوؤں کو رہائشی علاقوں تک پہنچا دیا۔ جن کے کاٹنے سے 500 سے زائد افراد زخمی ہو گئے۔ عرب ٹی وی کے مطابق واقعہ دریائے نیل کے پاس جمعہ کو شدید بارشوں کا کے بعد پیش آیا۔ جب گرد چمک کے ساتھ تیز ہوائیں بھی چلنے لگیں اور سیلابی ریلوں نے بچھوؤں کو ان کے بلوں سے نکال کر دور دراز علاقوں تک پہنچا دیا۔ رپورٹ کے مطابق طبی مراکز میں بچھو زہر کا تریاق یعنی اینٹی وینم کی بڑی خوراکیں پہنچائی گئی ہیں۔

گوادر داس چائنہ گوادر یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے ایلیٹ اسپورٹس پاکستان کے ساتھ خاتمی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں

دعا ہے آپ اسپیکر بن جائیں، میاں جاوید لطیف

میں اسی میں خوش ہوں، قاسم سوری

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں مسلم لیگ (ن) کے رکن اسمبلی میاں جاوید لطیف نے ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری کیلئے اسپیکر بن جانے کی دعا کی ہے جس پر ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری نے کہا ہے کہ میں اسی میں خوش ہوں۔ منگل کو بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

ٹوکنڈی کے علاقے میں کاروباری حضرات کی گاڑیوں کو گن پوائنٹ پر چھینا جا رہا ہے، عرض محمد بزنجو

کوئٹہ (پ ر) پاکستان مسلم لیگ ن بلوچستان کے سینئر نائب صدر حاجی میر عرض محمد بزنجو نے کوئٹہ اور چمن کے ٹرانسپورٹروں کے ایک وفد نے اپنے مسائل کے حوالے سے ملاقات کی جن میں حاجی عبدالباری قاری نصیب اللہ عبداللہ اللہ محمد یوسف عبداللہ حافظ خان اور دیگر شامل تھے انہوں نے حاجی عرض محمد بزنجو کو اپنے مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ ٹوکنڈی کے بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

سی پی این ای کا روزنامہ بھاشا نیوز بشام کے جوائنٹ ایڈیٹر نعمت اللہ خان کے انتقال پر اظہار تعزیت

کراچی (پ ر) کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (سی پی این ای) نے کونسل کے رکن روزنامہ بھاشا نیوز بشام کے جوائنٹ ایڈیٹر نعمت اللہ خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ایک مشترکہ بیان میں سی پی این ای کے قائم مقام صدر کاظم خان، قائم مقام سیکرٹری جنرل عامر محمود، نائب صدور بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

پشتون قوم اپنے تمام جھگڑے آپس میں مل بیٹھ کر حل کریں، محمود خان اچکزئی

اس جھگڑے کی صلح میں جن لوگوں نے کردار ادا کیا وہ قابل تحسین ہیں ہم دونوں فریقین کو مبارکباد دیتے ہیں

پشتون قوم اپنے تمام جھگڑے آپس میں مل بیٹھ کر حل کریں تاکہ اپنے وطن کو ترقی کی راہ پر گامزن کر سکیں، نائب پی ڈی ایم

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی چیئرمین و پی ڈی ایم کے نائب صدر محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ معافی کرنے والوں کو پسند کرتے ہیں پشتون قوم اپنے تمام جھگڑے آپس میں مل بیٹھ کر حل کریں تاکہ اپنے وطن کو ترقی کی راہ پر گامزن کر سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشتون باغ میں مرحوم حاجی بور محمد آقا کے بیٹے بخت محمد اور حاجی عبدالسلام مرحوم و حاجی خان محمد کے بیٹوں حاجی الائی اور میر دانش کے درمیان تصفیہ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا محمود خان اچکزئی کا کہنا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں جگہ جگہ معاف کرنے کی فضیلت بتائی ہے اس جھگڑے کی صلح میں جن لوگوں نے کردار ادا کیا وہ قابل تحسین ہیں ہم دونوں فریقین کو مبارکباد دیتے ہیں جنہوں نے ہمیں عز بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

پاکستان ہاکی فیڈریشن نے 18 رکنی قومی جونیئر ہاکی سکواڈ کا اعلان کر دیا

رانا عبدالوحید جونیئر ورلڈ کپ میں قومی جونیئر ہاکی سکواڈ کی قیادت کریں گے

قومی ہاکی سلیکشن کمیٹی نے بہترین ایلیٹ کا انتخاب کیا، کوچ صوفیان تحمل کی بدولت جونیئر ٹیم کو ٹیکنیکل کیمپ رہنمائی ملی، سابق منظور جونیئر

لاہور (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن نے 18 رکنی قومی جونیئر ہاکی سکواڈ کا اعلان کر دیا۔ منگل کو چیئرمین سلیکشن کمیٹی منظور جونیئر نے ہیڈ کوچ جونیئر ہاکی ٹیم دانش کلیم اور خواجہ جنید کے ہمراہ ٹیم کا اعلان کیا، رانا عبدالوحید جونیئر ورلڈ کپ میں قومی جونیئر ہاکی سکواڈ کی قیادت کریں گے، معین شکیل نائب کپتان ہوں گے، کھلاڑیوں میں وقار (گول کیپر)، عقیل احمد، رضوان علی، عدیل بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، عورت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام جنڈر پروگرام کی پروجیکٹ آفیسر یاسمین مغل خواتین سے خطاب کر رہی ہے

چینی وزیر اعظم ورلڈ اکنامک فورم گلوبل انٹرپرینیورز مذاکرات میں شریک ہوں گے

اس وقت دنیا کو بدستور وبا کا سامنا ہے، عالمی معیشت کی بحالی کو متعدد غیر یقینی اور غیر مستحکم عوامل کا سامنا ہے، ترجمان چینی وزارت خارجہ

بیجنگ (این این آئی) چین کی وزارت خارجہ کے ترجمان چاؤ لی جیان نے کہا ہے کہ چینی وزیر اعظم لی کھہ چیانگ سولہ تا سترہ کو ورلڈ اکنامک فورم گلوبل انٹرپرینیورز مذاکرات سے ورچوئل خطاب کریں گے اور مختلف ممالک کے صنعت کاروں کے ساتھ بات چیت اور تبادلہ خیال کریں گے۔ چین کی وزارت خارجہ کے ترجمان چاؤ لی جیان نے ورلڈ اکنامک فورم گلوبل انٹرپرینیورز مذاکرات بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

ہم نے کبھی یہ نہیں کہا بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کا سابقہ ڈیٹا سو فیصد غلط تھا، علی محمد خان

نئے سروے کا مقصد تازہ صورتحال کے مطابق مستحقین کا اندراج کرنا تھا، وزیر مملکت کا سینٹ میں اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت علی محمد خان نے کہا ہے کہ ہم نے کبھی یہ نہیں کہا بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کا سابقہ ڈیٹا سو فیصد غلط تھا، نئے سروے کا مقصد تازہ صورتحال کے مطابق مستحقین کا اندراج کرنا تھا۔ منگل کو وزیر مملکت علی محمد خان نے احساس سروے بارے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے کبھی یہ نہیں کہا پی آئی ایس پی کا سابقہ ڈیٹا سو فیصد غلط تھا۔

بلوچستان عوامی پارٹی تحصیل جھل مگسی کے صدر محمد زمان مگسی سے پارٹی کے عہدیداران ملاقات کر رہے ہیں

PDM احتجاجی تحریک عوام کو بدترین مہنگائی سے نجات دلانا ہے

مارچ ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ سے شروع ہوگا اور گورنر ہاؤس روڈ سے ہوتے ہوئے صوبائی اسمبلی چوک تا جناح روڈ، مستونگ چوک تا امداد چوک اور پھر ہاکی گراؤنڈ پر جلسہ عام میں تبدیل ہوگا

پی ڈی ایم کے زیر اہتمام آج بروز بدھ دوپہر 12 بجے ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ سے برآمد ہونیوالے مہنگائی کیخلاف احتجاجی ریلی/ مارچ میں شرکت کریں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے جاری کردہ بیان میں تمام عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ پی ڈی ایم کے زیر اہتمام آج بروز بدھ دوپہر 12 بجے ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ سے برآمد ہونیوالے مہنگائی کیخلاف احتجاجی ریلی/ مارچ میں شرکت کریں۔ اس ریلی میں پی ڈی ایم کے سربراہ اور جمعیت علماء اسلام کے امیر مولانا فضل الرحمن، مسلم لیگ ن کے صدر قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمد شہباز شریف، بی این پی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل، نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، مرکزی جمعیت اہلحدیث کے سربراہ علامہ پروفیسر سینیٹر ساجد میر، قومی وطن پارٹی کے سربراہ آفتاب احمد خان شیرپاؤ، جمعیت علماء پاکستان کے سربراہ علامہ اویس احمد نورانی شرکت کریں گے۔ مارچ ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ سے بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین صوبائی وزیر کھیل عبدالخالق ہزارہ سابق کوئسلر پوستان علی کشمند کے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ممبر قومی اسمبلی عامر کیانی کو عدالت میں سرخرو ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، محمد آصف ترین

عدالت کی جانب سے عدم ثبوت کی بنیاد عامر کیانی کو صادق اور امین قرار دینا مخالفین کے منہ پر طمانچہ ہے، رہنما پی ٹی آئی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف سنٹرل بلوچستان کے سیکرٹری اطلاعات محمد آصف ترین نے کہا ہے کہ ہم پی ٹی آئی کے مرکزی جنرل سیکرٹری اور ممبر قومی اسمبلی عامر محمد کیانی کو عدالت میں سرخرو ہونے پر مبارکباد پیش اور ان کی جرات مندانہ قیادت پر فخر کرتے ہیں۔ ایک بیان میں محمد آصف ترین نے کہا کہ مخالفین نے عامر کیانی کیخلاف منفی پروپیگنڈے کئے لیکن عامر کیانی نے اقتدار میں رہ کر خود کو انصاف کے لئے پیش کیا، عدالت نے عدم ثبوت کی بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

عبدالقیوم شنواری کو جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر (الیکشنز) بلوچستان تعینات کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق عبدالقیوم شنواری کو جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر (الیکشنز) بلوچستان تعینات کر دیا گیا ہے۔ عبدالقیوم شنواری نے جوائنٹ صوبائی الیکشن بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

محکمہ صحت سبی میں کورونا وائرس کے جعلی کارڈز دیئے جانے کا انکشاف

سبی (نامہ نگار) محکمہ صحت سبی میں کورونا وائرس کے جعلی کارڈز دیئے جانے کا انکشاف، محکمہ صحت کا ملازم نرسنگ اردلی محمد رفیق اعوان عوام سے پانچ ہزار روپے لیکر کورونا کا جعلی کارڈ فراہم کر رہا ہے، ذرائع، عوامی حلقوں کی جانب سے جعلی کورونا کارڈز میں ملوث ملازمین کے خلاف کارروائی کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق محکمہ صحت سبی میں جعلی کورونا ویکسین کارڈ دیئے جانے کا بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر عافیہ کی زندگی بچانے کیلئے اسے پاکستان بھیجنا ضروری ہے، وکیل مروہ الطیالی

واشنگٹن میں کیئر کے تحت پریس کانفرنس کا انعقاد، مقصد کانگریس کے اراکین کو عافیہ کی غیر منصفانہ سزا کے بارے میں آگاہ کرنا ہے

کراچی (این این آئی) قوم کی بیٹی ڈاکٹر عافیہ کی رہائی اور وطن واپسی کیلئے بین الاقوامی سطح پر جاری مہم کے سلسلے میں گذشتہ روز کونسل آن امریکن اسلامک ریلیشنز (CAIR) کے تحت مختلف تنظیموں کے ایک اتحاد نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کیلئے امریکی دارالحکومت واشنگٹن ڈی سی میں پریس کانفرنس کا انعقاد کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے CAIR-Dalas کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر فیضان سید نے کہا کہ "ہمارا کانگریس کے وکالت کے دنوں "Advocacy Day" بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

اوتھل، ایس ایس لسبیلہ محمد ایوب اچکزئی اپنے دفتر میں اوتھل پریس کلب کے سینئر صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں

مہنگائی اور موجودہ حکومت کے خلاف میر نعمت مری کا کوہلو شہر میں ریلی۔

کوہلو۔ (موسیٰ جان مری) تفصیلات کے مطابق آج کوہلو کے قبائلی و سیاسی رہنما آل پاکستان مری اتحاد کے ضلعی چیئرمین میر نعمت مری کی جانب سے ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی جس میں کوہلو کے عوام نے بھرپور شرکت کی۔ ریلی میر نعمت مری کے آفس سے برآمد ہو کر تین بھٹوں کے جنازے کندھوں پر اٹھائے ہوئے جس میں بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

نوجوانوں کے کوئی بھی سیاسی تحریک کامیاب نہیں ہو سکتی، اسمٰعیل خان

پشتون ایس ایف پشتون قومی تحریک کا جوان دست و بازو ہے جس کے بغیر پشتون قومی اور سیاسی تاریخ نامکمل ہے

عوامی نیشنل پارٹی کی کم و بیش تمام قیادت پشتون ایس ایف سے فارغ التحصیل ساتھیوں کے سپرد ہے، عوامی نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی خیبر پشتونخوا کے صدر اسمٰعیل خان نے کہا ہے کہ نوجوانوں کی شمولیت کے بغیر دنیا کی کوئی بھی سیاسی تحریک کامیاب نہیں ہو سکتی پشتون ایس ایف پشتون قومی تحریک کا جوان دست و بازو ہے جس کے بغیر پشتون قومی اور سیاسی تاریخ نامکمل ہے عوامی نیشنل پارٹی کی کم و بیش تمام قیادت پشتون ایس ایف سے فارغ التحصیل ساتھیوں کے سپرد ہے لہٰذا نومنتخب صوبائی کابینہ پشتون نوجوانوں کی علمی اور سیاسی آبیاری میں اپنا فعال کردار ادا کریں اور تنظیمی ڈسپلن کا ہر صورت خیال رکھیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ارباب ہاس میں پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن کے نومنتخب صوبائی صدر طاہر شاہ کاکڑ اور جنرل سیکرٹری غنی داد کاکڑ کی قیادت میں کابینہ اور مرکزی بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

پاکستان مسلم لیگ ن بلوچستان کے سینئر نائب صدر حاجی میر عرض محمد بزنجو سے چمن اور کوئٹہ ٹرانسپورٹر اپنے مسائل کے حوالے سے ملاقات کر رہے ہیں

امریکا نے پاکستان پر کورونا سفری پابندیاں نرم کر دیں

پاکستان کو لیول 2 سے لیول 1 او میں شامل کر لیا گیا، امریکی محکمہ صحت

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے کورونا کیسز میں نمایاں کمی کے باعث پاکستان سمیت 6 ممالک کے لیے کورونا سفری پابندیاں نرم کر دی ہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکا کے سینٹرز فار ڈیزیز کنٹرول اینڈ پریونشن نے کورونا کے نئے کیسز میں نمایاں کمی آنے پر پاکستان، انڈیا، جاپان، لائبیریا، گیمبیا اور موزمبیق کے لیے اپنی کووڈ 19 سفری پابندیوں کو نرم کر دیا ہے۔ رواں برس اگست میں امریکا نے پاکستان کو کووڈ 19 ٹریول ایڈوائزری کے رسک لیول 2 میں رکھا تھا تاہم اب کورونا کیسز میں کمی کی وجہ سے پاکستان کو لیول ون کی بھی کم ترین سطح میں شامل کر دیا گیا ہے۔

آر ٹی ایس ایم کی جانب سے تعصب پر مبنی ٹارگٹ دورے قابل قبول نہیں، جی ٹی اے آئی شیرانی

شیرانی (این این آئی) جی ٹی اے آئی شیرانی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ آر ٹی ایس ایم کی صفوں میں موجود چند سازشی عناصر عرصہ دراز سے ذاتی تعلق اور رشتہ داریاں نبھاتے ہوئے غیر متعلقہ افراد کے ایماء پر ٹارگٹ پر مبنی مخصوص سکولوں اور اساتذہ کے دورے کر رہے بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

چین امریکہ سربراہان مملکت کی ملاقات دوررس اہمیت کی حامل ہے، چینی وزارت خارجہ

بات چیت اور رابطے کو برقرار رکھنے کا، تنازعات کو مضبوط کرنے کا اور دوطرفہ تعلقات کو صحت مند اور مستحکم ترقی کی راہ پر گامزن رکھنے کا، ترجمان

بیجنگ (این این آئی) چینی وزارت خارجہ کے ترجمان چاؤ لی جیان نے کہا ہے کہ اس وقت دنیا کو بدستور وبا کا سامنا ہے، عالمی معیشت کی بحالی کو متعدد غیر یقینی اور غیر مستحکم عوامل کا سامنا ہے۔ میڈیا بریفنگ میں انہوں نے کہا کہ چین، امریکہ سربراہان مملکت کی ملاقات آئندہ مرحلے میں چین امریکہ تعلقات کی ترقی کے حوالے سے دوررس اہمیت کی حامل ہے۔ ترجمان نے کہا کہ فریقین کو تعلقات کا مستقبل مدنظر رکھنا چاہیے، چین کا رویہ دوطرفہ تعلقات کی ترقی کے حوالے سے تمام سازگار آپشنز کیلئے کھلا ہے۔

بغیر مشاورت کے مشترکہ اجلاس بلانا حکومت کی بدنیتی کا ثبوت ہے، شیری رحمان

حکومت ایک بار پھر بلز بلند کرنے کا منصوبہ بنا رہی ہے، متحدہ اپوزیشن وفاقی حکومت کی اس سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیگی، بیان

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ بغیر مشاورت کے مشترکہ اجلاس بلانا حکومت کی بدنیتی کا ثبوت ہے۔ اپنے بیان میں شیری رحمن نے کہا کہ حکومت نے اپوزیشن کے ساتھ مشترکہ اجلاس میں پیش کی جانے والی قانون سازی متعلق کوئی مشاورت نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ بغیر مشاورت کے مشترکہ اجلاس بلانا حکومت کی بدنیتی کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ایک بار پھر بلز بلند کرنے کا منصوبہ بنا رہی ہے، متحدہ اپوزیشن وفاقی حکومت کی اس سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیگی۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن اصلاحات کے نام پر دھاندلی کا کالا قانون پاس ہونے نہیں دیگے۔

ایم کیو ایم والوں کو وزیر اعظم شکل سے تکلیف نہیں پہنچانے ہوگے، یہ بیچارے غمزدہ ہیں گے رہیں گے ملاقات نہیں ہوگی، قادر مگسی

کراچی میں جب سوختہ ہوئے تھے تو کس کی حکومت تھی، جب صورتحال کا سامنا دینے کی بجائے حکومت میں کارکردگی دکھائیں، عالمگیر خان نے تحفظ اعتراض پر بات کرنے کی اجازت مانگ لی۔ پیپلز پارٹی کی رکن شازیہ مری نے کہا کہ کراچی کے ایڈمنسٹریٹر چار گھنٹے آگ والی جگہ پر رہے، یہ عوامی المیہ ہے مگر افسوس ہوا کہ کہا گیا وہاں ایم کیو ایم اراکین تھے۔ انہوں نے کہا کہ وہاں کوئی ایم کیو ایم کا نمائندہ نہیں تھا، اگر کوئی کام کرتا ہے۔

گوادر کو حق دو تحریک کے دھرنے کو دو دن مکمل ہو گئے

"گوادر کو حق دو" تحریک کے سربراہ مولانا ہدایت الرحمن کے قیادت میں ہزاروں لوگ دھرنے میں شریک ہیں

گزشتہ 48 گھنٹوں میں ہزاروں لوگوں نے رات وائی چوک کی سڑک پر سو کر گزارا

گوادر (آن لائن) "گوادر کو حق دو" تحریک کے دھرنے کو دو دن 48 گھنٹوں سے زائد ہو گئے۔ گزشتہ 48 گھنٹوں میں ہزاروں لوگوں نے رات وائی چوک کی سڑک پر سو کر گزارا۔ تفصیلات کے مطابق "گوادر کو حق دو" تحریک کے سربراہ مولانا ہدایت الرحمن کے قیادت میں ہزاروں لوگ دھرنے میں شریک ہیں 5 نومبر کی صبح شروع ہونے والا دھرنے کو دو دن مکمل ہو گئے دھرنے میں عوام کی بہت بڑی تعداد شریک ہے "گوادر کو حق دو" تحریک کے قائد مولانا ہدایت الرحمن نے کل 17 مطالبات پیش کیے ہیں۔ مطالبات میں کہا گیا ہے کہ ضلع گوادر کی سمندر کو ہر قسم کی غیر قانونی ٹرالر مافیا اور گیجر مافیا سے سیکیورٹی سے پاک کیا جائے اور 1986 کی فشریز آرڈیننس پر عمل کیا جائے۔ معدنی بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

انتقال پر ملال

منگچر (نامہ نگار) محمد کریم محمد شہی قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے وہ سابقہ لیویز رسلدر محمد امین محمد شہی کے فرزند، نکری عبدالنبی محمد شہی، ڈاکٹر حاجی عبدالرشید محمد شہی کے بھائی، برادہوئی اکیڈمی منگچر شاخ کے صدر اکبر نسیم محمد شہی، عبدالماجد محمد شہی، عبدالخالق محمد شہی بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

اپوزیشن کی تمام ادارے ایک پیج پر ہیں اور عنقریب خانصاحب بھی ہماری صف میں ہوں گے، محسن داوڑ

جب تک سب کا احتساب نہیں ہوگا کچھ نہیں ہوگا، سوسے زائد فرنچائز ایک جنرل کی نگلی اس سے کوئی رسیدیں نہیں مانگتا، اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) رکن قومی اسمبلی محسن داوڑ نے کہا ہے کہ اپوزیشن کی تمام ادارے ایک پیج پر ہیں اور عنقریب خانصاحب بھی ہماری صف میں ہوں گے، موجودہ حکومت کے وزیر ایک پیج کے دوسرے پیج پر بیان کو کیوں دفاع ڈ کر رہے ہیں، جب تک سب کا احتساب نہیں ہوگا کچھ نہیں ہوگا، سوسے زائد فرنچائز ایک جنرل کی نگلی اس سے کوئی رسیدیں نہیں مانگتا۔ منگل کو اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ علی وزیر کا کیس کیوں نہیں لگ رہا، موجودہ حکومت ان معاملات پر ایکشن لے کیونکہ یہ دن کل آپ پر بھی آنیوالے ہیں۔

پاکستان کے ساتھ علاقائی ممالک سے درآمدات میں 43 فیصد اضافہ تشویشناک ہے، راجہ وسیم حسن

صنعتوں کو بجلی و گیس جیسی بنیادی و کلیدی صنعتی سہولیات جاتی کی طرف لے جانے کے حوالے سے سینئر نائب صدر لاہور ایکسپورٹ شہید گنج

لاہور (این این آئی) تاجر رہنما و انجمن تاجران لوہا مارکیٹ شہید گنج (لنڈا بازار) لاہور کے سینئر نائب صدر راجہ وسیم حسن نے کہا ہے کہ افغانستان، چین، بنگلہ دیش، سری لنکا، بھارت، ایران، نیپال، بھوٹان اور مالدین کو برآمدات صرف 90 کروڑ رہیں جبکہ چین سے درآمدات 43.6 فیصد بڑھ کر 4 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں جو گزشتہ برس کے مقابلہ میں 2 ارب ڈالر سے زائد تھیں برآمدات میں اضافہ کے ساتھ درآمدات میں اضافہ سے ملک کا تجارتی خسارہ بڑھ رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے شہید گنج کے تاجروں حاجی خالد محمود، فرخ منشا، حافظ کامران، راجہ نبیل و دیگر کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ راجہ وسیم حسن نے کہا کہ صنعتوں کو بجلی و گیس جیسی بنیادی بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

ہرنائی الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کی جانب ہرنائی زلزلہ سے متاثرہ علاقوں کے متاثرین میں بستر، گرم کپڑے، کمبل، راشن اور خوردنی اشیائے تقسیم کیے جا رہے ہیں

نشیات ایک لعنت ہے اور علاقے سے منشیات کو ختم کرنا پولیس کا اولین فرض ہے، محمد ایوب اچکزئی

تمام تھانوں کے ایس ایچ او اپنے اپنے علاقوں کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں

تمام تھانے عوام کی شکایات پر فوری کارروائی کریں بصورت دیگر تھانیداروں کے خلاف کارروائی ہوگی، ایس ایس پی لسبیلہ

اوتھل (نامہ نگار) ایس ایس پی لسبیلہ محمد ایوب اچکزئی نے کہا ہے کہ منشیات ایک لعنت ہے اور علاقے سے منشیات کو ختم کرنا پولیس کا اولین فرض ہے تمام تھانوں کے ایس ایچ او ز کو ہدایات دے دیں ہیں کہ وہ اپنے اپنے علاقوں کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں پولیس اور پریس کا چولی دامن کا ساتھ ہے صحافی معاشرتی برائیوں کی نشاندہی کریں پولیس ضرور کارروائی کرے گی، تمام تھانے عوام کی شکایات پر فوری کارروائی کریں بصورت بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

خضدار میں قائم سبزی منڈی پورے بلوچستان کے پھل فروٹ و اجناس کے لئے تجارتی مرکز کی حیثیت رکھتی ہے، بشیر احمد

سبزی منڈی کو مزید ترقی دینے اور مسائل کے حل کے لئے تمام تر خصوصی اقدامات کئے جائیں گے، کمشنر خضدار میجر (ر)

خضدار (این این آئی) کمشنر خضدار میجر (ر) بشیر احمد نے کہا ہے کہ خضدار میں قائم سبزی منڈی پورے بلوچستان کے پھل فروٹ و اجناس کے لئے تجارتی مرکز کی حیثیت رکھتی ہے، اس سبزی منڈی کو مزید ترقی دینے اور مسائل کے حل کے لئے تمام تر خصوصی اقدامات کئے جائیں گے۔ ضلع میں تجارت اور سرمایہ کاری کے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا کیے جا رہے ہیں۔ سبزی منڈی میں کمیشن ایجنٹس ماشہ خوروں کو فائدہ پہنچانے کے لئے سہولیات مہیا کیے جائیں گے، سبزی بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

جعفر آباد پولیس امن و امان کی بحالی اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائی بھرپور انداز میں کر رہی ہے، رحیم آغا

پولیس کی جانب سے پرعزم اور اہم کارروائیوں کے دوران ڈیرہ اللہ یار سمیت استانہ مراد میں اکھٹی کے واقعات میں ملوث ڈاکو گرفتار، ڈی پی او کا بیان

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر رحیم آغا جنرل سیکرٹری عمران ترین سینئر نائب صدر حاجی نصر الدین کاکڑ، نائب صدر میر محمد رحیم خان مستوئی، صوبائی ڈپٹی چیئرمین خان کاکڑ انجمن تاجران تحصیل ڈیرہ اللہ یار کے صدر رحمن علی عمرانی، مینگل کوچ اوستہ محمد کے منیجر جان محمد پندرانی استاد عبدالقادر لیزی و دیگر تاجر برادری نے ایس ایس پی جعفر آباد سردار حسن خان موسیٰ خیل سے ایس پی آفس ڈیرہ اللہ یار میں ملاقات کی اس موقع پر انجمن تاجران کے وفد نے بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

جیونی کے سیاسی و سماجی اور کاروباری نمائندین نے کرنل کمانڈنٹ پاکستان کوسٹ گارڈ 2 بریگیڈ گوادر لیفٹیننٹ جاوید سے ملاقات

جیونی و گردونواح کے لوگوں کیلئے کمتانی کے علاوہ ایک الگ مقام مختص کیا جائے کیونکہ کمتانی میں جیونی کے لوگوں کیلئے کاروبار کرنا ممکن نہیں ہے

کوئٹہ (این این آئی) جیونی کے سیاسی و سماجی اور کاروباری نمائندین نے کرنل کمانڈنٹ پاکستان کوسٹ گارڈ 2 بریگیڈ گوادر لیفٹیننٹ جاوید سے ملاقات کی۔ جس میں ج